CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | پیر، 8 جون 2026ء، 22 ذوالحج 1447ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 158

صوبائی فنڈز پر تنازع حکومت اور پی پی آمنے سامنے

بجٹ بحران شدت اختیار کر گیا، پیپلز پارٹی نے کے فور اور موٹر وے منصوبوں کے فنڈز پر اعتراض اٹھا دیا، حکومتی وفد سے مذاکرات کے باوجود کوئی پیشرفت نہ ہو سکی صورتحال سنگین ہے

حکومت اور پیپلز پارٹی میں مالی معاملات پر سخت اختلاف، ذرائع کے مطابق ایک صوبے کو ترجیح دینے پر اعتراضات سامنے آئے، باقی صوبوں کے منصوبے التوا کا شکار ہو گئے ہیں کشیدگی جاری ہے

اہم اجلاس کے باوجود بجٹ ڈیڈ لاک ختم نہ ہو سکا، پیپلز پارٹی نے تحریری سفارشات پیش کر دیں، حکومتی جواب کے بعد دوبارہ مذاکرات ہوں گے مگر حل تاحال دور ہے صورتحال پیچیدہ ہے

رانا ثناء اللہ کے مطابق بجٹ ایک نمبر کے گرد گھوم رہا ہے، وسائل کی کمی کے باعث مشکلات بڑھ گئیں، پیپلز پارٹی کے تحفظات برقرار ہیں اور مذاکرات میں پیشرفت نہ ہو سکی مزید تناؤ بڑھ رہا ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومتی وفد اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان بجٹ کے متعلق ہنگامی اجلاس ہوا مگر ڈیڈ لاک ختم نہ ہو سکا۔ ذرائع پیپلز پارٹی نے بتایا کہ حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان ڈیڈ لاک ختم کرنے کے لئے دونوں اطراف سے کوشش جاری ہے، بات چیت کی جارہی ہے۔ پی پی کے ذرائع نے بتایا کہ پیپلز پارٹی کو صوبوں سے اضافی ٹیکا سہسڈیز اور ترقیاتی بجٹ سے متعلق تحفظات ہیں، کے فور منصوبہ، ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈز نہ ملنا، سکھر کراچی موٹر ویز کا منصوبہ ڈیڈ لاک کی وجوہات ہیں۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ حکومت صرف ایک صوبے کیلئے فنڈز دے رہی ہے، باقی تین منصوبوں کو فنڈز نہیں دیئے جارہے۔ پیپلز پارٹی نے بجٹ کے حوالے سے اپنی تحریری سفارشات حکومت کے (بقیہ نمبر 1)

بجٹ سے قبل سولر پینلز کی قیمتوں میں اضافہ

585 سے 720 واٹ پینلز کی قیمتیں نمایاں طور پر بڑھ گئیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی بجٹ پیش ہونے سے پہلے ہی سولر پینلز کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، جبکہ مختلف صلاحیت کے سولر پینلز کے نرخوں میں نمایاں بڑھوتر (بقیہ نمبر 2)

مانچسٹر اور بیزرت میں فلسطین کے حق مظاہرے

غزہ جنگ کے خلاف سینکڑوں افراد سڑکوں پر نکل آئے

مانچسٹر/ بیزرت (نیوز ڈیسک) برطانیہ اور تیونس میں فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی اور غزہ میں جاری جنگ کے خلاف بڑے مظاہرے کیے گئے، جن میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی اور فلسطینی عوام کے حق میں نعرے بلند کیے۔ برطانیہ کے شہر مانچسٹر میں فلسطین کے حامی مظاہرین سڑکوں پر نکل آئے اور فلسطینی پرچم لہراتے ہوئے اسرائیل کی پالیسیوں اور برطانوی حکومت کی اسرائیل (بقیہ نمبر 3)

شمالی کوریا جوہری پروگرام مذاکرات سے مکمل انکار

کم یو جونگ نے ایٹمی حیثیت ناقابلِ مذاکرات قرار دے دی ہے

پیانگ یانگ (نیوز ڈیسک) شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ اُن کی بااثر بہن کم یو جونگ نے واضح اعلان کیا ہے کہ ملک کا جوہری پروگرام اور ایٹمی طاقت کی حیثیت کسی بھی صورت قابلِ مذاکرات نہیں ہے۔ سرکاری خبر رساں اداروں کے مطابق کم یو جونگ نے ایک بیان میں کہا (بقیہ نمبر 4)

لاہور 18 سالہ لڑکی سے مبینہ زیادتی سوتیلا باپ گرفتار

لاہور (نیوز ڈیسک) 18 سالہ بیٹی کے ساتھ مبینہ زیادتی کرنے والے سفاک سوتیلے باپ کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ ایس پی کینٹ اختر نواز کے مطابق واقعے کی اطلاع (بقیہ نمبر 5)

نیویارک ٹائمز اسرائیلی کیمیائی حملہ بے نقاب

اسرائیل نے لبنان میں سفید فاسفورس استعمال کیا نیویارک ٹائمز رپورٹ

نیویارک (نیوز ڈیسک) نیویارک ٹائمز نے اسرائیل کا غیر انسانی فعل بے نقاب کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اسرائیل نے لبنان پر انتہائی مہلک کیمیکل سے حملہ کیا ہے۔ اسرائیل نے لبنان کے گنجان آباد علاقوں پر کئی بار زہریلے سفید فاسفورس کا استعمال کیا، آتش گیر اور متنازع (بقیہ نمبر 11)

وفاقی بجٹ صحت و تعلیم فنڈز میں اضافہ

پسماندہ علاقوں ترقیاتی منصوبوں کیلئے اربوں روپے مختص کرنے کی تجویز

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نئے وفاقی بجٹ میں شعبہ صحت کیلئے 22 ارب روپے، پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کیلئے 2.187 ارب روپے مختص کرنے کی تجاویز سامنے آگئیں۔ دستاویزات کے مطابق صحت کے بجٹ میں 30.1 ارب بیرونی امداد، 70.20 ارب رو (بقیہ نمبر 12)

کراچی مختلف پولیس مقابلوں میں سات ملزمان زخمی گرفتار

شہر بھر کارروائیوں میں اسلحہ اور لوٹا گیا سامان برآمد ہوا ہے

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور ملزمان کے درمیان ہونے والے مبینہ مقابلوں کے دوران زخمی حالت میں سات ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ ایک ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع وسطی کے علاقے عزیز آباد میں (بقیہ نمبر 13)

کراچی بکھر گوٹھ میں رہائشی مکان میں آگ بھڑک اٹھی

ریسکیو ٹیموں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں عباس ٹاؤن کے علاقے بکھر گوٹھ میں ایک رہائشی مکان میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ آگ لگنے کی اطلاع پر ریسکیو ٹیموں کو طلب کیا گیا۔ تر (بقیہ نمبر 14)

گھریلو تشدد کا ہولناک واقعہ، شوہر نے بیوی بیٹی کو پٹرول چھڑک کر آگ لگا دی

ساہیوال (نیوز ڈیسک) شادمان کالونی میں ایک خاتون اور اس کی بیٹی کو اس کے شوہر اور بہنوئی نے مبینہ طور پر پٹرول چھڑک کر آگ لگا دی جس سے وہ شدید زخمی ہو گئیں۔ رپورٹ کے مطابق ریسکیو 1122 نے زخمی ما (بقیہ نمبر 10)

وسطی سوڈان کے بازار پر ہولناک ڈرون حملہ، گیارہ بے گناہ شہری ہلاک

وسطی سوڈان کے ایک بازار میں کیے گئے ڈرون حملے میں 11 شہری ہلاک اور درجنوں زخمی ہو گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک انسانی حقوق کے گروپ نے کہا کہ فضائی حملوں میں اضافے سے دنیا کے بدترین (بقیہ نمبر 8)

امریکی مسلم حقوق تنظیم کا تعصب پر اسکول خلاف بڑا مقدمہ

واشنگٹن: امریکا کی معروف مسلم شہری حقوق تنظیم کونسل آن امریکن اسلامک ریلیشنز (CAIR) نے ورجینیا کے ایک بڑے سرکاری اسکول سسٹم کے خلاف وفاقی عدالت میں مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ تنظیم کا مؤقف (بقیہ نمبر 7)

بجٹ بیوٹی پارلرز سکن کلینک و ہیلتھ کلب کے سامان پر ٹیکس کمی کا امکان

اسلام آباد بجٹ میں بیوٹی پارلرز پر ٹیکس کمی کا امکان ہے، ایف بی آر ذرائع کے مطابق امپورٹڈ سامان پر ڈیوٹی میں نمایاں کمی تجویز کی گئی ہے

میک اپ اور اسکن کیئر امپورٹڈ مصنوعات پر ڈیوٹی میں بڑی کمی متوقع ہے، ذرائع کے مطابق حکومت بیوٹی انڈسٹری کو ریلیف دینے کی تیاری کر رہی ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئندہ مالی سال کے بجٹ میں بیوٹی پارلرز، سلون کا بیوٹی پارلرز، سکن کلینک اور ہیلتھ کلب کے سامان اور مشینری پر ٹیکس کمی کا امکان ہے۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق کسٹم کے نوٹیفکیشن 1151 اور 1152 میں مزید 2 سے 5 فیصد کمی کا امکان ہے، بجٹ میں میک اپ کے امپورٹڈ سامان پر ڈیوٹی 44 سے کم کر کے 40 فیصد ہو سکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق بیوٹی پارلر کے خام مال پر بھی ڈیوٹی 44 سے کم کر کے 40 فیصد ہو سکتی ہے، بیوٹی پارلر کیلئے امپورٹڈ سن بلاک اور سن اسکرین پر ڈیوٹی 44 سے کم کر کے 40 فیصد ہو سکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق بیوٹی (بقیہ نمبر 6)

مہاجرین کے کشمیر کیلئے عظیم قربانیاں دیں

احسن اقبال

مہاجرین کی نمائندگی ختم کرنا ناقابل قبول ہے، اس سے قومی اتحاد متاثر ہوگا، ریاست کو کمزور کرنے کی کوششیں ناکام بنائی جائیں گی صورتحال سنگین ہے

نارووال (ڈیلی پاکستان آن لائن) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ جموں کے مہاجرین نے کشمیر کے لیے عظیم قربانیاں دیں، ان کی نمائندگی ختم نہیں کی جاسکتی، مہاجرین کی نشستیں ختم کرنا بھارت کے بیانیے کو تقویت دینے کے مترادف ہوگا۔ نجی ٹی وی چینل جیو نیوز کے مطابق نارووال میں تقریب سے خطاب میں آزاد کشمیر احتجاج سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ مطالبات کے حل کے لیے پارلیمنٹ، عدالت اور ریفرنڈم کے آئینی راستے موجود ہیں۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ تشدد اور ڈنڈے کے زور پر ایجنڈا نافذ کرنے والوں کے سامنے جھکے تو کل درجنوں جتھے ریاست کو یرغمال بنا لیں گے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ جموں کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہیے، اگر ایک جتھے کے مہاجرین نے کشمیر کے لیے عظیم قربانیاں دیں، ان کی نمائندگی ختم نہیں کی جاسکتی، مہاجرین کی نشستیں ختم کرنا بھارت کے بیانیے (بقیہ نمبر 15)

چینی سفیر کا دھماکہ خیز بیان، امریکا پریشان

چین نے مشرق وسطیٰ میں امن کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششوں کو سراہا، تہران میں سفیر نے ایران امریکا تنازع میں مذاکرات کو واحد حل قرار دیا

تہران میں اہم سفارتی بیان میں چین نے خطے میں امن، ایران کی خودمختاری اور تجارتی راہداریوں کی حفاظت پر زور دیا اور بیرونی دباؤ کی مخالفت کی ہے



تہران: (ویب ڈیسک) ایران میں چین کے سفیر کانگ پیوو نے کہا ہے کہ چین مشرق وسطیٰ میں امن کے فروغ اور ایران اور امریکا کے درمیان عارضی جنگ بندی میں سہولت کاری اور اسلام آباد مذاکرات کی میزبانی میں پاکستان کے فعال کردار کو سراہتا ہے۔ ایرانی خبر ایجنسی کے مطابق چینی سفیر کا کہنا تھا کہ ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کا نتیجہ ہے، تمام اختلافات کا حل مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے نکالا جانا چاہئے (بقیہ نمبر 41)

پاکستانیوں نے حج 139 ارب روپے خرچ کیے

سرکاری اسکیم کے تحت ایک لاکھ انیس ہزار حاجیوں نے حج کیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): رواں سال سرکاری حج اسکیم کے تحت ایک لاکھ 19 ہزار 210 پاکستانیوں نے فریضۂ حج ادا کیا، جن پر مجموعی طور پر تقریباً 139 ارب 16 کروڑ روپے خرچ ہوئے۔ اعداد و شمار کے مطابق 77 ہزار 743 حاجیوں نے 40 سے 45 روزہ لانگ حج پر و (بقیہ نمبر 16)

محسن نقوی کی تہران میں ایرانی وزیر داخلہ سے ملاقات

تہران میں محسن نقوی کی ایرانی وزیر داخلہ سے اہم ملاقات، ایران امریکا جنگ بندی پر پاکستان کی سفارتی کوششوں کو تیز کرنے پر زور دیا گیا ہے

پاکستانی وزیر داخلہ کا تہران میں اعلیٰ سطحی رابطہ، خطے کر سپریم لیڈر تک پیغام پہنچانے کی کوشش اور کشیدگی کم کرنے کی امید ظاہر کی گئی

تہران (نیوز ڈیسک): وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تہران میں ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے خصوصی ملاقات کی۔ اے آر وائی نیوز کی رپورٹ کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان پائیدار جنگ بندی کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششیں جاری ہیں، اسی سلسلے میں وزیر داخلہ محسن نقوی تہران پہنچے ہیں، جہاں وہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سمیت دیگر شخصیات سے ملاقات کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق محسن نقوی نے اسکندر مومنی سے کہا کہ وزیر اعظم اور فیلڈ (بقیہ نمبر 32)

پیٹرولیم لیوی میں آئندہ بجٹ بڑا ہدف مقرر

1727 ارب روپے وصولی کا امکان رواں سال سے زیادہ ہوگا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے بجٹ میں پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی (پی ڈی ایل) کی مد میں عوام سے 1727 ارب روپے وصول کرنے کا ہدف مقرر کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئندہ مالی سال کے لیے پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی (بقیہ نمبر 17)

آزاد کشمیر وزیر اعظم کا سخت دوٹوک بیان

انتشار پھیلانے والوں سے بات نہیں ہوگی، بلاول کو بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): وزیر اعظم آزاد کشمیر نے دوٹوک کہا ہے کہ ہنگامہ آرائی کرنے والے عناصر طالبان خارجیوں کے حامی ہیں، سیاست کے نام پر انتشار پھیلانے والوں سے اب کسی قسم کی بات نہیں ہوگی۔ وزیر اعظم فیصل ممتا (بقیہ نمبر 18)

آئی ایم ایف شرائط کے تحت محدود بجٹ ریلیف پیکیج

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت آئندہ بجٹ میں وسیع پیمانے پر ٹیکس ریلیف دینے کے بجائے محدود ریلیف پیکیج پر غور کر رہی ہے، تاکہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) پروگرام کی شرائط پر عملدرآمد بھی جاری رکھا جاسکے۔ ذرائع کے مطابق مجوزہ ریلیف (بقیہ نمبر 38)

قومی اقتصادی کونسل کا اہم اجلاس کل، وفاقی بجٹ کا حجم اکہتر کھرب مقرر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم کی زیر صدارت قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس کل 8 جون کو ہوگا جس میں چاروں صوبوں وگلگت بلتستان کے وزرائے اعلیٰ، وفاقی وزرا اور وزیر اعظم آزاد کشمیر شرکت کریں گے۔ اکنامک سروے 9 جون کو پیش ہونے کا امکان ہے، ذرائع (بقیہ نمبر 39)

پینٹاگون نے اسرائیلی جاسوسی کے خدشات پر الرٹ جاری کر دیا

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی محکمہ دفاع (پینٹاگون) نے مبینہ اسرائیلی جاسوسی کے خدشات کے پیش نظر اسرائیل سے متعلق اپنی کاؤنٹر انٹیلیجنس خطرے کی درجہ بندی کو انتہائی بلند سطح تک بڑھا دیا ہے۔ یہ دعویٰ ایک امریکی میڈیا رپورٹ میں کیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 40)

چرنوبل کے قریب روسی ڈرون حملہ یوکرین کا سنگین الزام ہے

کیف (نیوز ڈیسک) یوکرین نے دعویٰ کیا ہے کہ روسی افواج نے یوکرین کے چرنوبل پاور پلانٹ کے قریب جوہری ایندھن کے ذخیرہ کرنے کی سائٹ پر ڈرون حملہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا کہ روسی ڈرون حملے میں چر (بقیہ نمبر 37)

بلوچستان حکومت نے وارڈ بوائے کو سول ایوارڈ دینے کا اعلان

ماہ نور کی جان بچانے والے عبدالرزاق کی بہادری کو سراہا گیا

کوئٹہ: (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے ڈاکٹر ماہ نور کی جان بچانے والے وارڈ بوائے عبدالرزاق کیلئے سول ایوارڈ کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کے مطابق عبدالرزاق ترکئی نے تیزاب گردی کے افسوسناک واقعہ کے دوران جان خطرے میں ڈال کر فور (بقیہ نمبر 36)

پیٹرول لیوی ختم قیمت تین سال کیلئے لاک کی جائے ورنہ احتجاج، حافظ نعیم

جماعت اسلامی نے پیٹرول لیوی ختم نہ کرنے پر ہڑتال کی دھمکی دی، لاہور میں خطاب تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس ظلم قرار دے دیا گیا

حکومت پر شاہ خرچیوں اور مہنگائی بڑھانے کا سنگین الزام عائد کیا گیا، پیٹرول قیمتیں تین سال لاک کرنے اور لیوی ختم کرنے کا مطالبہ زور پکڑ گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ لیوی کو فوری ختم کیا جائے ورنہ ہم عوام کو احتجاج کی کال دیں گے، پیٹرول کی قیمت کو تین سال کیلئے لاک کیا جائے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے حکومت ہر جمعہ کو ایک بجٹ کا اعلان کر دیتی ہے، یہ اپنی شاہ خرچیاں کم کرنے کیلئے تیار نہیں، تنخواہ دار طبقہ سب سے زیادہ ٹیکس دے رہا ہے، تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس (بقیہ نمبر 35)

جنوبی لبنان میں جھڑپیں دو اسرائیلی فوجی ہلاک ہوگئے

لبنان (نیوز ڈیسک) جنوبی علاقوں میں حزب اللہ کے خلاف ملٹری آپریشن میں مصروف اسرائیلی فوج کو دو الگ الگ مقامات پر حملوں کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان اسرائیلی فوج نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جنوبی لبنان میں پیش آنے والے دو الگ الگ واقعات میں اس کے دو اہلکار ہلاک ہوگئے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 23 سالہ کیپٹن شاہر گملا گزشتہ جمعرات کو حزب اللہ کے ڈرون حملے میں شدید زخمی ہو گئے (بقیہ نمبر 34)

جنوبی کوریا میں خاتون ٹیکنالوجی رہنما وزیر اعظم نامزد

ہان سیونگ سوک کو ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کیلئے نامزد کیا گیا ہے

سیئول: (ویب ڈیسک) جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے کاروباری اور ٹیکنالوجی شعبے سے تعلق رکھنے والی ہان سیونگ سوک کو ملک کا نیا وزیر اعظم نامزد کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہان سیونگ سوک جنوبی کوریا کی معروف ٹیکنالوجی کمپنی نامور کی سابق چیف ایگزیکٹو رہ چکی ہیں اور انہیں ملک کے ڈیجیٹل اور اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم کی نمایاں شخصیات میں شمار کیا جاتا ہے۔ مزید برآں، ہان سیونگ سوک گزشتہ 20 برسوں میں جنوبی کوریا میں وزیر اعظم کے عہدے کے (بقیہ نمبر 33)

کوئٹہ تیزاب گردی متاثرہ ڈاکٹر کراچی منتقل علاج جاری

ڈاکٹر ماہ نور کی حالت بہتر بینائی محفوظ علاج جاری ہے

کراچی (نیوز ڈیسک): بلوچستان کے شہر کوئٹہ میں تیزاب گردی کی شکار زخمی خاتون ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو کراچی کے نجی اسپتال میں داخل کر کے علاج شروع کر دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر ماہ نور کا کراچی کے نجی اسپتال میں علاج کیا جارہا ہے، اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ وہ 13 فی صد تیزاب کی وجہ سے جھلسی ہیں، تیزاب سے دونوں آنکھوں کی سائیڈ کا حصہ متاثر ہوا ہے لیکن بینائی محفوظ ہے۔ اسپتال ذرائع کے مطابق ڈاکٹروں نے ماہ نور کا ابتدائی معائنہ کیا اور ٹیسٹ کیے، پلاسٹک سرجری اور آئی ا (بقیہ نمبر 20)

پنجاب میں کیو آر پینک بٹن سسٹم متعارف

سیف سٹیز اتھارٹی نے 12 فیچرز والا جدید نظام شروع کر دیا ہے

لاہور (نیوز ڈیسک) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے وزیر اعلیٰ پنجاب کیو آر پینک بٹن سسٹم متعارف کرا دیا ہے، جس کے تحت بسوں، ویگنوں، رکشوں، ٹیکسیوں اور دیگر پبلک ٹرانسپورٹ گاڑیوں میں پینک بٹن نصب کیا جائے گا۔ اتھارٹی کے مطابق یہ نظام کسی بھی اضافی مالی بوجھ کے بغیر (بقیہ نمبر 21)

پیپلز پارٹی میں مہاجرین نشستوں پر اختلاف شدت اختیار

نشستوں میں کمی یا خاتمے پر ارکان کی رائے سامنے آگئی ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کو ارکان کی جانب سے آزاد کشمیر میں مہاجرین کی نشستوں کے خاتمے یا کمی کی حمایت کے دباؤ کا سامنا ہے۔ پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی پارلیمانی پارٹی کے زرداری ہاؤس میں ہونے والے اجلاس کا احوال سامنے آیا ہے، پہلا اجلا (بقیہ نمبر 19)

کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی فنڈنگ پر سخت کارروائی

رقوم بھیجنے والوں کی منی ٹریل ٹریک کر کے قانونی کارروائی ہوگی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کالعدم قرار دی گئی عوامی ایکشن کمیٹی کی مالی معاونت روکنے کیلئے سخت قانونی کارروائی کا فیصلہ کر لیا گیا۔ حکومتی ذرائع نے بتایا کہ کالعدم تنظیم اور اس کے رہنماؤں کے اکاؤنٹس میں رقم بھیجنے والوں کی منی ٹریل ٹریک ہوگی، چندہ، عطیہ یا مالی سہولت (بقیہ نمبر 22)

آزاد کشمیر اسمبلی اپنی مدت پوری کر چکی ہے

جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے مطالبات اور حکومت کے اقدامات پر گفتگو

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر اسمبلی اپنی مدت پوری کر چکی ہے آزاد کشمیر میں آزادانہ اور منصفانہ انتخابات سبوتاژ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ سیاسی رہنماؤں کے ساتھ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے طارق فضل نے کہا کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے صورتحال بگاڑنے کی کوشش کی ہے جوائنٹ ایکشن (بقیہ نمبر 23)

تائیوان نے چینی بحری جہازوں کی نگرانی بڑھا دی

مشرقی سمندر میں کشیدگی کے دوران کوسٹ گارڈ تعینات کر دیا گیا ہے

تائیوان (نیوز ڈیسک) ساحلی کوسٹ گارڈ نے کہا ہے کہ تائیوان کے مشرقی سمندری حصے میں پانیوں میں چینی آپریشن کا "مناسب جواب دینے" کے لیے تائیوان نے اپنے جہاز تعینات کر دیے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تائیوان کی جانب سے یہ اقدام چینی میڈیا کی اُن رپورٹس کے بعد سامنے آیا ہے جس میں چینی آپریشن کو جاپان اور فلپائن کے درمیان متاثرہ پانیوں میں ایک سرحد کھینچنے کا ردعمل بتایا گیا تھا۔ تائیوان کے کوسٹ گارڈ نے بیان میں کہا کہ پورے عمل کے دوران چینی بحری جہازوں کی نگرانی کی گئی ہے اور تائیوان نے (28)

فرانس میں غزہ فلوٹیلا کیس پر جنگی جرائم تحقیقات

پیرس (نیوز ڈیسک) فرانس نے غزہ جانے والے فلوٹیلا قافلے کے سماجی کارکنوں کے ساتھ مبینہ اسرائیلی بدسلوکی کے معاملے پر جنگی جرائم کی تحقیقات شروع کر دی ہیں، جسے اس معاملے پر ایک اہم قانونی پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ فرانسیسی پراسیکیوٹر کے دفتر کے (بقیہ نمبر 27)

لاہور میں شدید گرمی اور خشک موسم شروع ہو گیا

لاہور (نیوز ڈیسک) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت پنجاب بھر میں خشک اور شدید گرم موسم کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے جبکہ آئندہ دنوں میں گرمی کی شدت مزید بڑھنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ لاہور میں صبح سویرے ہی سورج نے اپنی تپش دکھانا شروع کر دی اور صبح کے (بقیہ نمبر 31)

امریکی ریاست اوہائیو میں میلے پر فائرنگ 8 زخمی

اوہائیو (نیوز ڈیسک) امریکی ریاست اوہائیو کے شہر ٹولیڈو میں جاری ایک مقامی میلے کی رونق اس وقت خوف و ہراس میں بدل گئی جب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے کم از کم 8 افراد زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق واقعہ ہفتے کی شام اولڈ ویسٹ اینڈ فیسٹیول کے (بقیہ نمبر 30)

جرمنی سے افغان شہریوں کی واپسی پرواز منسوخ ہوگئیں

کابل (نیوز ڈیسک) طالبان رجیم کی ہٹ دھرمی کے باعث جرمنی سے افغان شہریوں کو واپس لانے والی پرواز منسوخ کر دی گئی۔ جرمن نیوز ایجنسی ڈی پی اے کے مطابق طالبان رجیم کے عدم تعاون کے باعث جرمنی سے افغان شہریوں کو واپس لانے والی طے شدہ (بقیہ نمبر 29)

ہرمز بندش کا سب سے زیادہ فائدہ امریکی کمپنیوں کو ہوا، وسی آئل چیف

سینٹ پیٹرز برگ فورم میں عالمی توانائی بحران اور قیمتوں میں شدید اضافہ کا ذکر

روسی وارننگ اگر کشیدگی بڑھی تو دیگر بحری راستے بھی خطرے میں پڑ سکتے ہیں

سینٹ پیٹرز برگ (مانیٹرنگ ڈیسک) روس کی سرکاری تیل کمپنی کے چیف ایگزیکٹو ایگور سچن نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کی بندش کا سب سے زیادہ فائدہ امریکی توانائی کمپنیوں کو ہوا ہے۔ سینٹ پیٹرز برگ اکنامک فورم سے خطاب کرتے ہوئے ایگور سچن کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز کی بندش نے عالمی توانائی منڈیوں میں شدید بے چینی پیدا کی، تیل کی قیمتیں بلند سطح پر پہنچ گئیں اور دنیا بھر میں مہنگائی کے خدشات بڑھ گئے (بقیہ نمبر 26)

لبنان آرمی چیف کا پاکستان دورہ اہم سفارتی پیشرفت

جنگ بندی، خطے میں کشیدگی کم کرنے کیلئے ملاقاتیں متوقع ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) لبنان کی مسلح افواج کے سربراہ جنرل رودولف ہیکل پاکستان کا سرکاری دورہ کر رہے ہیں جس سے جنگ بندی پر اہم پیشرفت کا امکان پیدا ہو گیا ہے۔ لبنانی فوج کے جاری کردہ بیان کے مطابق جنرل رودولف ہیکل پاکستان کے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دعوت پر پاکستان روانہ ہوئے تاہم لبنانی فوج کی جانب سے دورے کے دورانیے اور ملاقاتوں کی تفصیلات جاری نہیں کی (بقیہ نمبر 25)

آزاد کشمیر پولیس نے جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی دفتر سیل

آزاد کشمیر (نیوز ڈیسک) پولیس نے کالعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کا مرکزی دفتر سیل کر دیا۔ آزاد کشمیر حکومت کی جانب سے ایکشن کمیٹی کے روپ میں انتشاری ٹولے کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں اور ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے کالعدم انتشاری کمیٹی جے اے سی کے مرکزی دفتر کو سیل کر دیا ہے۔ پولیس کی جانب سے تلاشی کے دوران ایک سب مشین گن، ایک بارہ بور رائفل اور پستول برآمد ہوئی ہے۔ چھا (بقیہ نمبر 24)

آنے والی نسلوں کے لیے ڈیم بنائیے

صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

پانی قدرت کی وہ عظیم نعمت ہے جس کے بغیر زندگی کا تصور ممکن نہیں۔ انسان ہو یا حیوان، زراعت ہو یا صنعت، ہر شعبہ پانی کا محتاج ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر میں پانی کو مستقبل کا سب سے قیمتی سرمایہ قرار دیا جا رہا ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جو تیزی سے آبی قلت کے خطرات کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ ماہرین برسوں سے خبردار کر رہے ہیں کہ اگر پانی کے ذخائر میں اضافہ نہ کیا گیا اور دستیاب وسائل کا دانشمندانہ استعمال یقینی نہ بنایا گیا تو آنے والی نسلوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے۔ ہماری معیشت، غذائی تحفظ اور لاکھوں خاندانوں کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے، جبکہ زراعت کا انحصار پانی پر ہے۔ افسوس ناک حقیقت یہ ہے کہ ملک میں فی کس پانی کی دستیابی مسلسل کم ہوتی جا رہی ہے۔ ایک وقت تھا جب پاکستان پانی کی فراوانی رکھنے والے ممالک میں شمار ہوتا تھا لیکن آج صورتحال اس کے برعکس ہے۔ آبادی میں بے تحاشا اضافہ، موسمیاتی تبدیلیاں، ناقص منصوبہ بندی اور پانی کے ضیاع نے خطرے کی گھنٹی بجا دی ہے۔ زیرِ زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی ایک اور تشویش ناک مسئلہ ہے۔ شہروں اور دیہات میں ہزاروں ٹیوب ویل روزانہ لاکھوں گیلن پانی زمین سے نکال رہے ہیں مگر اس کمی کو پورا کرنے کے لیے بارش کے پانی کو زمین میں واپس پہنچانے کا مؤثر نظام موجود نہیں۔ کئی علاقوں میں زیرِ زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے جا چکی ہے جس کے باعث ٹیوب ویل خشک ہو رہے ہیں نتیجے میں پانی کے بور کروانے، ٹیوب ویل لگانے اور پانی نکالنے کی لاگت بڑھتی جا رہی ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو مستقبل میں پینے کے صاف پانی کا حصول بھی ایک بڑا چیلنج بن سکتا ہے۔ بارش کا پانی اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہے مگر ہم اسے محفوظ کرنے کے بجائے ضائع ہونے دیتے ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک میں بارش کے پانی کو محفوظ بنانے اور زیرِ زمین ذخائر میں منتقل کرنے کے لیے باقاعدہ نظام موجود ہیں۔ گھروں، سرکاری عمارتوں، سکولوں اور فیکٹریوں کی چھتوں سے بارش کا پانی جمع کر کے ری چارج ویلوں کے ذریعے زمین میں پہنچایا جاتا ہے جس سے زیرِ زمین پانی کی سطح برقرار رہتی ہے۔ پاکستان میں بھی ایسے منصوبوں کو قومی سطح پر فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے۔ ہر نئے ہاؤسنگ منصوبے، سرکاری عمارت اور صنعتی یونٹ کے لیے بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کا نظام لازمی قرار دیا جانا چاہیے۔ وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی دلچسپی سے گزشتہ سال محدود پیمانے پر یہ سلسلہ شروع کیا گیا تھا لیکن یہ منصوبہ دیگر منصوبوں کی طرح روایتی سست روی کا شکار ہے۔ ایسے منصوبوں کی تکمیل ہنگامی بنیادوں پر کی جانی چاہیے اور اسے پورے پنجاب میں ہر چھوٹے بڑے شہر، قصبے اور گاؤں تک وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ دیگر صوبوں کو بھی اس پر عمل کرنا چاہیے تاکہ مستقبل میں پانی کے بحران سے نمٹا جا سکے۔ ہر سال مون سون کی بارشیں اور سیلاب پاکستان میں تباہی مچا دیتے ہیں۔ ہزاروں گھر منہدم ہو جاتے ہیں، قیمتی جانیں ضائع ہوتی ہیں، مویشی بہہ جاتے ہیں اور اربوں روپے کا انفراسٹرکچر تباہ ہو جاتا ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ یہی سیلابی پانی، جو تباہی کا سبب بنتا ہے، چند دن بعد بغیر استعمال کے سمندر میں جا گرتا ہے۔ ایک طرف خشک موسم میں پانی کی شدید قلت کا رونا رویا جاتا ہے اور دوسری طرف کروڑوں ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ نہ ہونے کے باعث ضائع ہو جاتا ہے۔ یہ ایک ایسا تضاد ہے جسے دور کرنے کے لیے قومی سطح پر سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ اسی تناظر میں بڑے اور چھوٹے ڈیموں کی تعمیر ناگزیر ہو چکی ہے۔ ڈیم صرف پانی ذخیرہ کرنے کے منصوبے نہیں ہوتے بلکہ یہ کسی بھی ملک کی معاشی اور سماجی ترقی کی بنیاد بنتے ہیں۔ ڈیم سیلابی پانی کو قابو میں رکھنے، زرعی زمینوں کو سیراب کرنے، زیرِ زمین پانی کی سطح بہتر بنانے اور کم لاگت بجلی پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک نے اپنی ترقی کی بنیاد ہی مضبوط آبی انفراسٹرکچر پر رکھی ہے۔ چین، ترکی، امریکہ اور بھارت سمیت کئی ممالک نے درجنوں بڑے اور سیکڑوں چھوٹے ڈیم تعمیر کر کے اپنے آبی وسائل کو محفوظ بنایا ہے۔ خوش آئند امر ہے کہ دیامر بھاشا ڈیم، مہمند ڈیم، کرم تنگی ڈیم اور نئی گاج ڈیم جیسے منصوبوں پر پیش رفت جاری ہے مگر صرف یہی کافی نہیں۔ ملک کے مختلف علاقوں خصوصاً بلوچستان، جنوبی پنجاب، تھرپارکر، پوٹھوہار اور خیبر پختونخوا کے خشک علاقوں میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے ڈیموں کا جال بچھانے کی ضرورت ہے۔ ایسے منصوبے مقامی سطح پر پانی کی دستیابی بڑھانے، زراعت کو فروغ دینے اور دیہی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پانی کے مسئلے کو سیاسی نہیں بلکہ قومی مسئلہ سمجھا جائے۔ حکومت، اپوزیشن، ماہرین، سول سوسائٹی اور عوام سب کو مل کر اس قومی چیلنج کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ پانی کی بچت کو قومی مہم بنایا جائے اور اس پر سیاست کرنے کی بجائے قومی سوچ کو اپنایا جائے تو کالا باغ ڈیم کی تعمیر بھی ممکن ہے لیکن جب تک اس پر اتفاق رائے نہیں ہوتا تب تک چھوٹے بڑے سینکڑوں ڈیم بنا کر پانی کو ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ وقت کا تقاضا ہے کہ جدید آبپاشی نظام متعارف کرائے جائیں، بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کے منصوبے شروع کیے جائیں اور ڈیموں کی تعمیر کو قومی ترجیح قرار دیا جائے۔ تاریخ گواہ ہے کہ قومیں اپنے وسائل کی حفاظت سے ترقی کرتی ہیں اور وسائل کے ضیاع سے زوال کا شکار ہو جاتی ہیں۔ پانی پاکستان کا سب سے قیمتی قدرتی سرمایہ ہے۔ اگر ہم نے آج اس نعمت کی حفاظت کے لیے مؤثر اقدامات نہ کیے تو آنے والی نسلیں ہمیں معاف نہیں کریں گی۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم اختلافات سے بالاتر ہو کر پانی کے تحفظ اور نئے آبی ذخائر کی تعمیر کے لیے قومی اتفاقِ رائے پیدا کریں کیونکہ حقیقت یہی ہے کہ ڈیم صرف آج کی ضرورت نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کی بقا کی ضمانت ہیں۔

دورۂ گڑیوں کا گاؤں (ٹھٹھہ غلام دھیرو) اور جناب رائے امجد علی سے یادگار ملاقات



محمد عثمان پھلر وانا یم فل اُردو، یونیورسٹی آف اوکاڑہ تاریخ: 5 جون 2026ء

بعض دن زندگی میں ایسے بھی آتے ہیں جو محض ایک دن نہیں رہتے بلکہ یادوں کا مستقل حوالہ بن جاتے ہیں۔ 5 جون 2026ء کا دن میرے لیے بھی ایک ایسی ہی خوشگوار اور یادگار ساعتوں کا امین ثابت ہوا۔ اس روز مجھے ضلع اوکاڑہ کے تاریخی قصبے ٹھٹھہ غلام دھیرو جانے کا موقع ملا، جو آج کل گڑیوں کا گاؤں (Doll Village) کے نام سے شہرت رکھتا ہے۔ یہ مقام اوکاڑہ سے شیخوشریف جانے والی سڑک پر واقع ہے، جہاں حالیہ برسوں میں تعمیر ہونے والی پختہ سڑک نے رسائی کو آسان بنا دیا ہے۔ اس منفرد گاؤں میں قائم سَیتا سِلّر ڈیزائن سینٹر پاکستان کی ثقافتی اور تخلیقی سرگرمیوں کا ایک نمایاں مرکز ہے۔ سینٹر پہنچنے پر جناب نعمان عابد نے نہایت محبت اور خلوص کے ساتھ استقبال کیا۔ دورانِ گفتگو انہوں نے معروف پاکستانی جرمن براڈکاسٹر رائے امجد علی صاحب سے میری فون پر بات کروائی۔ رائے امجد علی صاحب، جو جرمنی کے بین الاقوامی نشریاتی ادارے ڈوئچے ویلے (DW) اردو سروس سے طویل عرصے سے وابستہ ہیں، اسی علاقے سے تعلق رکھتے ہیں اور سَیتا سِلّر ڈیزائن سینٹر کے قیام میں بنیادی کردار ادا کر چکے ہیں۔ فون پر گفتگو کے دوران انہوں نے بتایا کہ وہ ہڑپہ سے واپس اوکاڑہ آ رہے ہیں اور اگر میں کچھ دیر بعد اوکاڑہ شہر پہنچ جاؤں تو ملاقات ممکن ہے، کیونکہ چند دن بعد انہیں دوبارہ جرمنی روانہ ہونا تھا۔ یوں گڑیوں کے گاؤں کے دورے کے بعد میں اوکاڑہ شہر روانہ ہوا، جہاں رائے امجد علی صاحب سے بالمشافہ ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ یہ ملاقات انتہائی خوشگوار، علمی اور معلوماتی ثابت ہوئی۔ گفتگو کے دوران براڈکاسٹنگ، ادب، ثقافت، ڈوئچے ویلے کی اردو سروس، گڑیوں کے گاؤں کے قیام اور اس کے سماجی و ثقافتی اثرات پر تفصیلی تبادلۂ خیال ہوا۔ اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے پی ایچ ڈی بلاک کا نیا نام ڈاکٹر سَیتا سِلّر بلاک رکھ دیا گیا ہے، جس کی باقاعدہ افتتاحی تقریب منگل 9 جون کو منعقد ہوگی۔ اس تقریب میں گاؤں کی معروف بزرگ شخصیت رائے اکبر علی کھرل، جو علاقے کے ایک مانے ہوئے کھوجی بھی ہیں، فیتہ کاٹ کر نئے بورڈ کے ساتھ سَیتا سِلّر سے متعلق یادگاری تختی کا بھی افتتاح کریں گے۔ یہ اقدام سَیتا سِلّر کی خدمات اور اس ثقافتی مرکز کی اہمیت کے اعتراف کی ایک خوبصورت مثال ہے۔ رائے امجد علی صاحب کی مہمان نوازی، شفقت اور خندہ پیشانی دل کو چھو لینے والی تھی۔ ملاقات کے اختتام پر انہوں نے اپنی معروف کتاب "ملے جو کہکشاں میں" بطور تحفہ عطا کی۔ یہ کتاب دراصل ڈوئچے ویلے جرمنی کی اردو سروس کے ادبی و ثقافتی پروگرام "کہکشاں" میں نشر ہونے والے منتخب انٹرویوز کا مجموعہ ہے۔ اس میں برصغیر کی ممتاز ادبی، ثقافتی، فلمی اور موسیقی شخصیات کے انٹرویوز شامل ہیں۔ لتا منگیشکر، نصرت فتح علی خان، محمد رفیع اور دیگر کئی نامور فنکاروں کے مکالمے اس کتاب کو ایک منفرد ثقافتی دستاویز بنا دیتے ہیں۔ کتاب کے ابتدائی صفحے پر رائے امجد علی صاحب نے میرے لیے اپنے دستِ خط سے یہ محبت بھرا انتساب بھی تحریر کیا: "مکرم و محترم جناب عثمان پھلر وان صاحب کے لیے، ان کی اس محبت کے شکریے کے ساتھ جو انہیں اتنی دور اوکاڑہ کھینچ لائی۔" امجد علی 5 جون 2026ء یہ الفاظ میرے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں۔ ملاقات کے اختتام پر وہ خود گھر سے باہر تشریف لائے، کتاب پیش کی اور نہایت محبت سے رخصت کیا۔ بلاشبہ 5 جون 2026ء کا یہ دن میرے ادبی سفر کی یادگار تاریخوں میں شامل ہو گیا ہے۔ گڑیوں کے گاؤں کا مشاہدہ، سَیتا سِلّر ڈیزائن سینٹر کا دورہ، اور رائے امجد علی جیسی علمی و ثقافتی شخصیت سے ملاقات نے اس دن کو علم، ادب، ثقافت اور محبت کی خوبصورت یادوں سے مزین کر دیا۔

تیزاب گردی کا ایک اور المناک باب

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

کوئٹہ کے سنڈیمن سول ہسپتال میں پیش آنے والا حالیہ تیزاب گردی کا واقعہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک انتہائی دردناک، افسوسناک اور تشویشناک سانحہ بن گیا ہے۔ اس دل دہلا دینے والے واقعے نے ایک بار پھر خواتین کی سلامتی، طبی عملے کے تحفظ، ادارہ جاتی سیکیورٹی اور معاشرتی رویوں پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ یہ واقعہ اس تلخ حقیقت کی یاد دہانی بھی ہے کہ ترقی اور تعلیم کے دعووں کے باوجود ہمارے معاشرے میں بعض جرائم آج بھی انسانیت کے چہرے پر بدنما داغ بنے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر ماہ نور ناصر اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دے رہی تھی اور معمول کے مطابق مریضوں کی خدمت میں مصروف تھی کہ اچانک ایک شخص نے ان پر تیزاب پھینک دیا۔ چند لمحوں میں ایک باصلاحیت، محنتی اور قوم کی خدمت کا جذبہ رکھنے والی ڈاکٹر کی زندگی کا رخ بدل گیا۔ یہ حملہ صرف ایک خاتون ڈاکٹر پر نہیں بلکہ ان تمام خواتین پر حملہ تصور کیا جا رہا ہے جو اپنے گھروں سے نکل کر معاشرے کی بہتری کے لیے خدمات انجام دے رہی ہیں۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں دکھائی دینے والے مناظر ہر حساس دل رکھنے والے انسان کو جھنجھوڑ دینے کے لیے کافی ہیں۔ فوٹیج کے مطابق ملزم دروازے پر دستک دیتا ہے اور جیسے ہی دروازہ کھلتا ہے وہ بوتل میں موجود تیزاب متاثرہ ڈاکٹر پر پھینک کر فرار ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد کے مناظر اتنے تکلیف دہ اور اذیت ناک ہیں کہ انہیں دیکھنا بھی آسان نہیں، کیونکہ ایک انسان کو شدید درد اور بے بسی کی حالت میں دیکھنا ہر شخص کے لیے ایک کربناک تجربہ ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق اس گھناؤنے جرم میں ملوث شخص ہسپتال کا لفٹ آپریٹر بتایا جا رہا ہے۔ اگر تحقیقات کے بعد یہ بات درست ثابت ہوتی ہے تو یہ معاملہ مزید تشویشناک ہو جاتا ہے، کیونکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ایک ایسے شخص نے اس جرم کا ارتکاب کیا جو ادارے کا حصہ تھا اور جس پر اعتماد کیا جاتا تھا۔ ایسے واقعات اداروں کے اندر موجود سیکیورٹی اور نگرانی کے نظام پر بھی سنجیدہ سوالات اٹھاتے ہیں۔ ڈاکٹر ماہ نور ناصر کوئی عام نام نہیں بلکہ اس پاکستان کی ایک تعلیم یافتہ، باصلاحیت اور محنتی بیٹی کا نام ہے جس نے برسوں کی محنت، جدوجہد اور قربانیوں کے بعد طب جیسے مشکل شعبے میں اپنی جگہ بنائی۔ انہوں نے اپنی قابلیت اور لگن کے ذریعے نہ صرف اپنے خاندان بلکہ اپنے علاقے اور ملک کا نام روشن کیا اور عوام کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد بنایا۔ بلوچستان جیسے صوبے میں جہاں پہلے ہی خواتین ڈاکٹروں کی شدید کمی کا سامنا ہے، وہاں ڈاکٹر ماہ نور جیسی خواتین کی موجودگی ایک نعمت سے کم نہیں۔ ایسے صوبے میں خدمات انجام دینا جہاں وسائل محدود ہوں اور پیشہ ورانہ مشکلات زیادہ ہوں، خود ایک بڑی قربانی اور خدمت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس واقعے نے عوامی سطح پر شدید تشویش اور غم و غصے کو جنم دیا ہے۔ طبی شعبہ کسی بھی مہذب معاشرے کی بنیادی ضرورت اور اہم ستون سمجھا جاتا ہے۔ ڈاکٹرز، نرسیں اور دیگر طبی کارکن دن رات انسانوں کی جانیں بچانے اور ان کے درد کو کم کرنے میں مصروف رہتے ہیں۔ اگر یہی لوگ اپنے کام کی جگہوں پر غیر محفوظ محسوس کرنے لگیں تو اس کے اثرات پورے نظام صحت پر مرتب ہوتے ہیں اور عوام کا اعتماد بھی متاثر ہوتا ہے۔ واقعے کے فوراً بعد زخمی ڈاکٹر کو ہنگامی طبی امداد فراہم کی گئی اور بعد ازاں مزید بہتر علاج کے لیے ایئر ایمبولینس کے ذریعے کراچی منتقل کیا گیا۔ ان کے علاج کے لیے ماہر ڈاکٹروں کی ٹیمیں سرگرم عمل ہیں جبکہ ملک بھر سے لوگ ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعائیں کر رہے ہیں۔ اس مشکل گھڑی میں قوم کی ہمدردیاں ان کے ساتھ ہیں۔ تیزاب گردی دنیا بھر میں انسانیت کے خلاف سنگین جرائم میں شمار کی جاتی ہے۔ اس جرم کا مقصد صرف جسمانی نقصان پہنچانا نہیں بلکہ متاثرہ شخص کی شناخت، خود اعتمادی اور زندگی کے معمولات کو مکمل طور پر تباہ کرنا بھی ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسے ایک انتہائی سفاک اور غیر انسانی جرم تصور کیا جاتا ہے۔ تیزاب حملوں کے متاثرین کو صرف جسمانی زخموں کا سامنا نہیں کرنا پڑتا بلکہ وہ برسوں تک ذہنی دباؤ، نفسیاتی اذیت، معاشرتی رویوں اور جذباتی تکالیف کا بوجھ بھی اٹھاتے ہیں۔ کئی متاثرین متعدد سرجریوں اور طویل علاج کے مراحل سے گزرتے ہیں، مگر اس کے باوجود ان کی زندگی پہلے جیسی نہیں رہتی۔ پاکستان میں ماضی میں بھی تیزاب گردی کے متعدد افسوسناک واقعات سامنے آ چکے ہیں جنہوں نے قومی ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا۔ اگرچہ مختلف ادوار میں قوانین کو سخت بنایا گیا اور اس جرم کے خلاف آواز بھی بلند کی گئی، لیکن ایسے واقعات کا مکمل خاتمہ اب بھی ایک بڑا چیلنج بنا ہوا ہے۔ خواتین کے خلاف تشدد کی ہر شکل قابلِ مذمت ہے، لیکن تیزاب گردی اپنی نوعیت کے اعتبار سے انتہائی خوفناک جرم ہے۔ یہ جرم نہ صرف جسمانی نقصان پہنچاتا ہے بلکہ متاثرہ فرد کی پوری زندگی کو متاثر کر دیتا ہے۔ اسی لیے دنیا کے کئی ممالک میں اس جرم کے لیے سخت ترین سزائیں مقرر کی گئی ہیں۔ اس افسوسناک واقعے نے ہسپتالوں اور دیگر عوامی اداروں میں سیکیورٹی کے انتظامات پر بھی سنجیدہ سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ عوام یہ جاننا چاہتے ہیں کہ اگر ایک ڈاکٹر اپنی ڈیوٹی کے دوران محفوظ نہیں تو عام شہری کس حد تک خود کو محفوظ سمجھ سکتے ہیں۔ واقعے کے بعد مختلف حکومتی شخصیات، وزراء اور عوامی نمائندوں کی جانب سے مذمتی بیانات جاری کیے گئے اور تحقیقات کی یقین دہانی کرائی گئی۔ تاہم عوام اب محض مذمت یا افسوس کے بیانات سے مطمئن نہیں بلکہ وہ ایسے عملی اقدامات دیکھنا چاہتے ہیں جو مستقبل میں اس قسم کے واقعات کی روک تھام کر سکیں۔ ہمارے ہاں اکثر بڑے سانحات کے بعد تحقیقاتی کمیٹیاں تشکیل دی جاتی ہیں، رپورٹس مرتب کی جاتی ہیں اور اصلاحات کے وعدے کیے جاتے ہیں، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ یہ معاملات پس منظر میں چلے جاتے ہیں۔ اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ ان سفارشات پر عملدرآمد بھی یقینی بنایا جائے۔ بلوچستان میں خدمات انجام دینے والے ڈاکٹر پہلے ہی محدود وسائل، طبی سہولیات کی کمی، طویل اوقاتِ کار اور مختلف قسم کے خطرات کا سامنا کرتے ہیں۔ ایسے حالات میں اگر ان کی جان و مال کا تحفظ بھی یقینی نہ بنایا جا سکے تو یہ صورتحال نہایت تشویشناک بن جاتی ہے۔ خواتین پیشہ ور افراد کو عمومی طور پر مردوں کے مقابلے میں زیادہ سماجی اور سیکیورٹی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ وہ ایک طرف اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرتی ہیں اور دوسری طرف مختلف سماجی دباؤ کا بھی سامنا کرتی ہیں۔ اس لیے ان کے تحفظ کے لیے خصوصی اور مؤثر اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ ایک مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی پہچان یہی ہوتی ہے کہ وہاں خواتین، ڈاکٹرز، اساتذہ اور دیگر خدمت انجام دینے والے افراد کو عزت، احترام اور مکمل تحفظ حاصل ہو۔ جب معاشرے کے یہی طبقات خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہوں تو ترقی اور خوشحالی کے تمام دعوے کمزور پڑ جاتے ہیں۔ ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی کہانی درحقیقت صرف ایک فرد کی کہانی نہیں بلکہ ان ہزاروں پاکستانی خواتین کی نمائندگی کرتی ہے جو تمام مشکلات اور رکاوٹوں کے باوجود اپنے خوابوں کی تعبیر کے لیے جدوجہد کرتی ہیں اور اپنے ملک و قوم کی خدمت کو اپنا مقصد بناتی ہیں۔ اس واقعے نے والدین کے دلوں میں بھی بے شمار خدشات پیدا کر دیے ہیں۔ وہ والدین جو اپنی بیٹیوں کو اعلیٰ تعلیم دلانے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کے خواب دیکھتے ہیں، ایسے واقعات کے بعد فطری طور پر پریشانی اور خوف کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تیزاب کی خرید و فروخت، ذخیرہ اندوزی اور استعمال کے حوالے سے مزید سخت قوانین اور مؤثر نگرانی کا نظام متعارف کرایا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو بھی اس حوالے سے اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔ ہسپتالوں، تعلیمی اداروں، سرکاری دفاتر اور دیگر حساس مقامات پر جدید سیکیورٹی نظام، نگرانی کے مؤثر انتظامات اور داخلی و خارجی کنٹرول کے بہتر طریقہ کار اپنانے کی ضرورت ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کو بروقت روکا جا سکے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس مقدمے کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کریں اور اگر ملزم جرم کا مرتکب ثابت ہو تو اسے قانون کے مطابق ایسی سزا دلائی جائے جو دوسروں کے لیے عبرت اور خوف کا باعث بنے۔ ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر ہونے والا یہ حملہ محض ایک فرد پر ظلم نہیں بلکہ انسانیت، تعلیم، خدمت، امید اور روشن مستقبل کے خوابوں پر حملہ ہے۔ پوری قوم کی نظریں اب انصاف کے نظام پر مرکوز ہیں اور ہر شخص یہ امید کر رہا ہے کہ اس سانحے کے بعد صرف بیانات نہیں بلکہ ایسے عملی اقدامات کیے جائیں گے جو مستقبل میں کسی اور ماہ نور کو اس دردناک اور ناقابلِ بیان اذیت سے محفوظ رکھ سکیں۔

کیا حقیقی جمہوریت اداروں کے رویے سے پہچانی جاتی ہے؟



تجزیہ ایڈوکیٹ محمد زید خان صدر پریس کلب

حال ہی میں بھارت میں ایک نئی سیاسی جماعت کو کروچ جنتا پارٹی وجود میں آئی ہے جس کے رہنما ابھی جیت دیکھی ہیں انکی بیرون ملک سے بھارت آمد کے موقع پر یہ انہیں اس بات کا یقین تھا کہ انہیں گرفتار کر لیا جائے گا اور احتجاج میں شرکت کی اجازت نہ ملے گی لیکن انہیں دہلی ایئرپورٹ پر احتجاج میں شرکت کی اجازت دی گئی اور متعلقہ اجازت نامہ بھی جاری کیا گیا۔ اس واقعے نے ایک بار پھر یہ سوال چھیڑ دیا کہ جمہوریت کی اصل روح کیا ہے اور ریاستی اداروں کا کردار کس حد تک شہری و سیاسی آزادیوں کے تحفظ میں ہونا چاہیے۔ دوسری جانب پاکستان میں اکثر یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ جیسے ہی کسی سیاسی جماعت کی جانب سے احتجاج یا جلسے جلوس کا اعلان کیا جاتا ہے، تو گرفتاریوں، چھاپوں اور پابندیوں کی خبریں سامنے آنا شروع ہو جاتی ہیں۔ ناقدین کا مؤقف ہے کہ بعض اوقات سیاسی کارکنوں کو حراست میں لے کر نامعلوم مقامات پر منتقل کرنے کے الزامات بھی لگائے جاتے ہیں، جس سے سیاسی آزادیوں کے حوالے سے سوالات جنم لیتے ہیں۔ جمہوریت صرف انتخابات کا نام نہیں بلکہ اختلافِ رائے کو برداشت کرنے، سیاسی سرگرمیوں کی اجازت دینے اور قانون کے یکساں اطلاق کا نام بھی ہے۔ جب ریاستی ادارے سیاسی مخالفین کو بھی وہی حقوق فراہم کریں جو حکومتی جماعتوں کو حاصل ہیں، تب جمہوریت مضبوط ہوتی ہے۔ اسی طرح اگر قانون کی عملداری بغیر امتیاز کے ہو تو عوام کا اعتماد بھی بڑھتا ہے۔ اس تناظر میں اصل سوال کسی ایک ملک یا جماعت کا نہیں بلکہ نظام کا ہے: کیا ریاستی ادارے سیاسی اختلاف کو جمہوری حق سمجھتے ہیں یا اسے محض امن و امان کا مسئلہ تصور کرتے ہیں؟ حقیقی جمہوریت کا معیار یہی ہے کہ شہری اور سیاسی حقوق کا تحفظ کس حد تک یقینی بنایا جاتا ہے اور قانون سب پر یکساں طور پر نافذ ہوتا ہے۔ حال ہی میں بھارت میں ایک نئی سیاسی جماعت کو کروچ جنتا پارٹی وجود میں آئی ہے جس کے رہنما ابھی جیت دیکھی ہیں انکی بیرون ملک سے بھارت آمد کے موقع پر یہ انہیں اس بات کا یقین تھا کہ انہیں گرفتار کر لیا جائے گا اور احتجاج میں شرکت کی اجازت نہ ملے گی لیکن انہیں دہلی ایئرپورٹ پر احتجاج میں شرکت کی اجازت دی گئی اور متعلقہ اجازت نامہ بھی جاری کیا گیا۔ اس واقعے نے ایک بار پھر یہ سوال چھیڑ دیا کہ جمہوریت کی اصل روح کیا ہے اور ریاستی اداروں کا کردار کس حد تک شہری و سیاسی آزادیوں کے تحفظ میں ہونا چاہیے۔ دوسری جانب پاکستان میں اکثر یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ جیسے ہی کسی سیاسی جماعت کی جانب سے احتجاج یا جلسے جلوس کا اعلان کیا جاتا ہے، تو گرفتاریوں، چھاپوں اور پابندیوں کی خبریں سامنے آنا شروع ہو جاتی ہیں۔ ناقدین کا مؤقف ہے کہ بعض اوقات سیاسی کارکنوں کو حراست میں لے کر نامعلوم مقامات پر منتقل کرنے کے

عالمی تجارتی جنگ

رائے شماری

پروفیسر رائے غلام رسول فہیم کھرل

03041648400

دنیا اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑی ہے جہاں عالمی سیاست، معیشت اور سفارت کاری ایک دوسرے میں اس طرح گندھ چکی ہیں کہ کسی ایک خطے میں پیدا ہونے والی کشیدگی کے اثرات چند گھنٹوں میں پوری دنیا تک پہنچ جاتے ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں جہاں روس۔یوکرین جنگ، غزہ کا بحران، موسمیاتی تبدیلی، توانائی کا بحران اور مصنوعی ذہانت کی تیز رفتار ترقی عالمی توجہ کا مرکز رہے ہیں، وہیں ایک اور مسئلہ خاموشی کے ساتھ عالمی نظام کی بنیادوں کو متاثر کر رہا ہے۔ یہ مسئلہ عالمی تجارتی کشیدگی، تحفظ پسند معاشی پالیسیوں اور معاشی بلاک بندی کا ہے۔ دنیا جس عالمگیریت (Globalization) کو گزشتہ نصف صدی کی سب سے بڑی معاشی کامیابی قرار دیتی رہی، آج اسی کے مستقبل پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ دوسری عالمی جنگ کے بعد دنیا نے اس نتیجے پر اتفاق کیا تھا کہ آزاد تجارت، بین الاقوامی تعاون اور معاشی انحصار جنگوں کے امکانات کو کم کر سکتے ہیں۔ اسی سوچ کے تحت عالمی بینک، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف)، عالمی تجارتی تنظیم (ڈبلیو ٹی او) اور متعدد علاقائی تجارتی معاہدے وجود میں آئے۔ ان اداروں اور معاہدوں نے دنیا کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ترقی پذیر ممالک کو نئی منڈیاں ملیں، سرمایہ کاری بڑھی، روزگار کے مواقع پیدا ہوئے اور عالمی غربت میں نمایاں کمی واقع ہوئی۔ تاہم اکیسویں صدی کے دوسرے عشرے سے یہ منظرنامہ تیزی سے تبدیل ہونا شروع ہوا۔ بڑی طاقتوں کے درمیان معاشی رقابت بڑھنے لگی۔ امریکہ اور چین کے درمیان تجارتی تنازع نے عالمی معیشت کو نئی سمت میں دھکیل دیا۔ درآمدات پر اضافی محصولات، برآمدی پابندیاں، حساس ٹیکنالوجی تک رسائی میں رکاوٹیں اور سپلائی چینز کی ازسرِنو تشکیل نے عالمی تجارت کے روایتی اصولوں کو چیلنج کرنا شروع کر دیا۔ اس کے بعد روس۔یوکرین جنگ نے توانائی، خوراک اور خام مال کی عالمی منڈیوں کو شدید متاثر کیا، جبکہ غزہ کی صورتحال اور مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی نے عالمی تجارتی راستوں اور بحری نقل و حمل کے نظام کو بھی متاثر کیا۔ تحفظ پسند پالیسیوں کا بنیادی مقصد مقامی صنعتوں کو بیرونی مقابلے سے بچانا اور قومی معیشت کو مضبوط بنانا بتایا جاتا ہے۔ بظاہر یہ مقصد قابلِ فہم نظر آتا ہے، لیکن تاریخ گواہ ہے کہ جب ممالک اپنے دروازے بند کرنا شروع کرتے ہیں تو عالمی تجارت سکڑنے لگتی ہے، سرمایہ کاری کم ہوتی ہے اور بالآخر معاشی ترقی کی رفتار متاثر ہوتی ہے۔ 1930ء کی دہائی کی عظیم کساد بازاری اس کی ایک نمایاں مثال ہے جب متعدد ممالک نے تجارتی رکاوٹیں کھڑی کیں اور عالمی معیشت مزید بحران کا شکار ہو گئی۔ موجودہ دور میں بھی یہی خدشات جنم لے رہے ہیں۔ امریکہ، چین، یورپی یونین اور دیگر بڑی معیشتیں اپنی قومی سلامتی اور معاشی مفادات کے نام پر نئی پابندیاں عائد کر رہی ہیں۔ سیمی کنڈکٹرز، مصنوعی ذہانت، برقی گاڑیوں، نایاب معدنیات اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سخت مقابلہ جاری ہے۔ نتیجتاً دنیا ایک نئے معاشی تقسیم کے عمل سے گزر رہی ہے جہاں ممالک نظریاتی اور معاشی بنیادوں پر مختلف بلاکس میں تقسیم ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ اس صورتحال کا سب سے زیادہ اثر ترقی پذیر ممالک پر پڑ رہا ہے۔ پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، افریقی ممالک اور لاطینی امریکہ

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

حوالے کردی ہیں، حکومت سفارشات کا جائزہ لے کر پیپلز پارٹی کو جواب دے گی۔ ذرائع کے مطابق حکومتی جواب کے بعد دوبارہ مذاکرات ہوں گے۔ قبل ازیں بتایا گیا تھا کہ صوبوں سے مرکز 1700 ارب روپے کے فنڈز کا تقاضا کر رہا ہے۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ بجٹ کے لئے ایک نمبر پر بات چل رہی ہے، جب تک اس نمبر کے مطابق وسائل تلاش نہیں ہو جاتے تب تک بجٹ بنانے میں مشکل ہوگی۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

ی ریکارڈ کی گئی ہے۔ رپورٹس کے مطابق بجٹ سے قبل مارکیٹ میں سولر پینلز کی قیمتوں میں ہونے والے اس اچانک اضافے نے صارفین اور سولر توانائی میں سرمایہ کاری کرنے کے خواہشمند افراد کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق سولر پینلز کی فی پلیٹ قیمت میں 7 ہزار سے 9 ہزار روپے تک اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد 585 واٹ کا سولر پینل، جو پہلے تقریباً 18 ہزار روپے میں دستیاب تھا، اب 27 ہزار روپے تک فروخت ہو رہا ہے۔ اسی طرح 645 واٹ کے سولر پینل کی قیمت 22 ہزار روپے سے بڑھ کر 31 ہزار 200 روپے ہوگئی ہے، جبکہ 720 واٹ کے پینل کی قیمت 25 ہزار روپے سے بڑھ کر 33 ہزار 500 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ دوسری جانب مارکیٹ سے وابستہ حلقوں کا کہنا ہے کہ صرف سولر پینلز ہی نہیں بلکہ انورٹرز کی قیمتوں میں بھی اضافے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

(بقیہ نمبر) کے لیے حمایت کے خلاف احتجاج کیا۔ مظاہرین نے برطانوی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اسرائیل کی حمایت ختم کرے اور فلسطینی عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کرے۔ گریٹر مانچسٹر میں قائم تنظیم 'فرینڈز آف فلسطین' کی جانب سے جاری ویڈیوز میں مظاہرین کو شہر کی مختلف سڑکوں پر مارچ کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ شرکا نے فلسطینی عوام کے حق میں نعرے لگائے اور 'اسرائیلی قبضہ ختم کرو' کے الفاظ پر مشتمل ایک بڑا بینر بھی اٹھا رکھا تھا۔ مارچ کا انعقاد 1967 کی جنگ کے 59 برس مکمل ہونے کے موقع پر کیا گیا، جسے فلسطینی تاریخ میں 'نکسا' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس جنگ کے بعد اسرائیل نے مغربی کنارے، مشرقی بیت المقدس اور غزہ کی پٹی پر قبضہ کر لیا تھا۔ دوسری جانب تیونس کے شمالی شہر بیزرت میں بھی فلسطین کے حق میں ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے شہید حبیب بوضتیفہ پارک میں جمع ہو کر غزہ پر جاری اسرائیلی حملوں اور انسانی بحران کے خلاف آواز بلند کی۔ مظاہرے کے دوران شرکا نے سرخ رنگ سے رنگے ہوئے علامتی تابوت رکھے، جن کے ذریعے غزہ میں ہونے والی ہلاکتوں اور انسانی المیے پر اپنے غم و غصے کا اظہار کیا گیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ غزہ کے عوام انتہائی مشکل حالات کا سامنا کر رہے ہیں اور عالمی برادری کو فوری طور پر جنگ بندی اور انسانی امداد کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ مبصرین کے مطابق غزہ میں جاری جنگ کے باعث دنیا کے مختلف ممالک میں فلسطینی عوام کے حق میں احتجاجی مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے، جہاں لوگ جنگ کے خاتمے اور فلسطینیوں کے حقوق کے تحفظ کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

کہ شمالی کوریا کی جوہری طاقت کی حیثیت مکمل طور پر ناقابلِ مذاکرات" ہے اور ملک اپنی سلامتی کو درپیش کسی بھی خطرے کو برداشت نہیں کرے گا۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب چینی صدر شی جن پنگ پیر سے شمالی کوریا کا دو روزہ سرکاری دورہ شروع کر رہے ہیں۔ گزشتہ سات برسوں میں یہ شی جن پنگ کا شمالی کوریا کا پہلا دورہ ہوگا۔ کم یو جونگ نے اپنے بیان میں امریکا پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن اب بھی شمالی کوریا کو ایٹمی ہتھیاروں سے دستبردار کرانے کے خواب دیکھ رہا ہے، جو حقیقت سے دور اور پرانا مؤقف ہے۔ انہوں نے امریکی دعوے کو بھی مسترد کیا جس میں کہا گیا تھا کہ حالیہ چین امریکا سربراہی ملاقات کے دوران شمالی کوریا کو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک کرنے کے مشترکہ ہدف پر اتفاق کیا گیا تھا۔ کم یو جونگ کے مطابق یہ دعویٰ "غلط معلومات" پر مبنی ہے۔ شمالی کوریا نے 2023 میں اپنی ایٹمی حیثیت کو آئین کا حصہ بنا دیا تھا اور اس کے بعد سے پیانگ یانگ بارہا خود کو "ناقابلِ واپسی جوہری ریاست" قرار دیتا رہا ہے۔ دوسری جانب شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ اُن نے ایک بڑے اسلحہ ساز کارخانے کا دورہ بھی کیا اور میزائلوں کی پیداوار میں اضافے کی ہدایت جاری کی۔ سرکاری میڈیا کے مطابق انہوں نے ملکی دفاعی صلاحیت کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ کم یو جونگ کا تازہ بیان اس بات کا اشارہ ہے کہ شمالی کوریا اپنے جوہری پروگرام پر کسی بھی قسم کے بین الاقوامی دباؤ یا مذاکراتی مطالبات کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں اور اپنی دفاعی حکمت عملی کو مزید آگے بڑھانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ یاد رہے کہ شمالی کوریا اقوام متحدہ کی پابندیوں کے باوجود اپنے جوہری اور بیلسٹک میزائل پروگرام کو مسلسل وسعت دے رہا ہے، جس پر امریکا اور اس کے اتحادی ممالک بارہا تشویش کا اظہار کر چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

دتی کا نشانہ بنایا اور کسی کو واقعے سے آگاہ کرنے پر سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ ایس پی کینٹ کا کہنا ہے کہ متاثرہ لڑکی کی والدہ کی مدعیت میں نامزد ملزم محمد شاکر کے خلاف فوری مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، جبکہ مزید تفتیش کے لیے کیس جینڈر سیل کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ایس پی کینٹ اختر نواز نے بروقت کارروائی پر ایس ایچ او ڈیفنس اے محمد افضال، ایس آئی محمد آصف اور پولیس ٹیم کو شاباش دی۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

ں بیٹی کو علاج کے لیے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ آگ لگنے سے گھر کا فرنیچر اور برتن بھی جل گئے اس سے پہلے کہ ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ شکایت کنندہ محمد بلال کی بہن اور وہاڑی سٹی کی رہائشی صوبیہ پروین نے تقریباً 15 سال قبل تحصیل ساہیوال کے چک 65/5-L کے شعبان بھٹی سے شادی کی، جوڑے کے پانچ بچے ہیں۔ پولیس نے کہا کہ مبینہ طور پر گھریلو تشدد ان کی پوری شادہ شدہ زندگی کے دوران جاری رہا، صوبیہ کو مبینہ طور پر اس کے شوہر اور بہنوئی کی طرف سے اکثر بدسلوکی اور شدید مار پیٹ کا نشانہ بنایا گیا۔ چند ماہ قبل اس نے مسلسل تشدد کے باعث اپنے شوہر کا گھر چھوڑ دیا اور اپنے بچوں سمیت شادمان چوک کے قریب کرائے کے مکان میں رہنے لگی۔ وہ خاندان کی کفالت کے لیے گھریلو ملازمہ کے طور پر کام کر رہی تھی۔ جمعہ کو شعبان اور اس کے بھائی محمد عظیم نے مبینہ طور پر کرائے کے مکان میں گھس کر صوبیہ اور اس کی ایک بیٹی پر پٹرول چھڑک کر انہیں آگ لگا دی۔ ملزمان نے فرار ہونے سے قبل گھریلو سامان کو بھی مبینہ طور پر نذر آتش کیا۔ پڑوسیوں نے ریسکیو 1122 کو اطلاع دی جس نے زخمیوں کو ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال پہنچایا، فرید ٹاؤن پولیس نے محمد بلال کی شکایت پر شعبان بھٹی اور محمد عظیم کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ 336، 324 اور 109 کے تحت مقدمہ درج کر لیا، رپورٹ درج ہونے تک پولیس ملزمان کو گرفتار نہیں کر سکی تھی۔ پارلر میں بالوں کی دیکھ بھال کے خام مال پر ڈیوٹی 44 سے کم کر کے 40 فیصد ہو سکتی ہے، مردانہ بیوٹی سیلون کیلئے شیونگ کریم، آفٹر شیو لوشن ڈیوٹی 40 فیصد سے کم کر کے 35 فیصد ہو سکتی ہے۔ ایف بی آر ذرائع کا کہنا کہ بیوٹی پارلر کیلئے فیش واش، صابن و دیگر متعلقہ خام پر مال ڈیوٹی 40 سے کم کر کے 35 فیصد ہو سکتی ہے، جلد کی نگہداشت، چہرے کی پالش کیلئے کریم لوشن پر ڈیوٹی 40 سے کم کر کے 35 فیصد ہو سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

ہے کہ چار مسلم طلبہ کو ان کے مذہبی اور نسلی پس منظر کی بنیاد پر غیر قانونی طور پر سزا دی گئی۔ مقدمے میں الزام لگایا گیا ہے کہ ورجینیا کے فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) نے امریکا کے معروف تعلیمی ادارے تھامس جیفرسن ہائی اسکول فار سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں زیر تعلیم مسلم طلبہ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا۔ عدالتی دستاویزات کے مطابق معاملہ اکتوبر 2025 میں مسلم اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن (MSA) کی جانب سے سوشل میڈیا پر پوسٹ کی گئی ایک ویڈیو سے شروع ہوا۔ یہ ویڈیو ایک مقبول آن لائن ٹرینڈ کا حصہ تھی جسے مختلف طلبہ تنظیمیں اپنے پروگراموں کی تشہیر اور نئے اراکین کو متوجہ کرنے کے لیے استعمال کر رہی تھیں۔ ویڈیو میں طلبہ اپنے ساتھیوں سے ایسوسی ایشن کے اجلاس میں شرکت کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ انکار کی صورت میں دیگر طلبہ مزاحیہ انداز میں انہیں اٹھا کر لے جاتے دکھائی دیتے ہیں۔ مقدمے کے مطابق ویڈیو میں نہ کوئی دھمکی تھی، نہ اسلحہ اور نہ ہی کسی حقیقی تنازع کا حوالہ دیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

انسانی بحرانوں میں سے ایک کی صورتحال مزید بگڑ رہی ہے۔ ایمرجنسی لائرز کے مطابق اس حملے میں شمالی کوردوفان ریاست میں نیم فوجی دستوں کے زیر کنٹرول قصبے ابوزعیمہ کے مرکزی بازار کو نشانہ بنایا گیا۔ گروپ نے کہا کہ ہلاکتوں کے اعداد و شمار بڑھ سکتے ہیں تاہم یہ معلومات فی الحال میسر نہیں کہ حملہ کس نے کیا۔ کسی بھی فریق نے ابھی تک ذمہ داری قبول نہیں کی ہے۔ ایمرجنسی لائرز کی تنظیم نے کہا کہ اسی طرح کے ڈرون حملے ایک دن سے بھی کم عرصہ قبل قریبی دیہاتوں اور شہریوں کی گاڑیوں کو نشانہ بنا چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

انسانی بحرانوں میں سے ایک کی صورتحال مزید بگڑ رہی ہے۔ ایمرجنسی لائرز کے مطابق اس حملے میں شمالی کوردوفان ریاست میں نیم فوجی دستوں کے زیر کنٹرول قصبے ابوزعیمہ کے مرکزی بازار کو نشانہ بنایا گیا۔ گروپ نے کہا کہ ہلاکتوں کے اعداد و شمار بڑھ سکتے ہیں تاہم یہ معلومات فی الحال میسر نہیں کہ حملہ کس نے کیا۔ کسی بھی فریق نے ابھی تک ذمہ داری قبول نہیں کی ہے۔ ایمرجنسی لائرز کی تنظیم نے کہا کہ اسی طرح کے ڈرون حملے ایک دن سے بھی کم عرصہ قبل قریبی دیہاتوں اور شہریوں کی گاڑیوں کو نشانہ بنا چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

ں بیٹی کو علاج کے لیے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ آگ لگنے سے گھر کا فرنیچر اور برتن بھی جل گئے اس سے پہلے کہ ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ شکایت کنندہ محمد بلال کی بہن اور وہاڑی سٹی کی رہائشی صوبیہ پروین نے تقریباً 15 سال قبل تحصیل ساہیوال کے چک 65/5-L کے شعبان بھٹی سے شادی کی، جوڑے کے پانچ بچے ہیں۔ پولیس نے کہا کہ مبینہ طور پر گھریلو تشدد ان کی پوری شادہ شدہ زندگی کے دوران جاری رہا، صوبیہ کو مبینہ طور پر اس کے شوہر اور بہنوئی کی طرف سے اکثر بدسلوکی اور شدید مار پیٹ کا نشانہ بنایا گیا۔ چند ماہ قبل اس نے مسلسل تشدد کے باعث اپنے شوہر کا گھر چھوڑ دیا اور اپنے بچوں سمیت شادمان چوک کے قریب کرائے کے مکان میں رہنے لگی۔ وہ خاندان کی کفالت کے لیے گھریلو ملازمہ کے طور پر کام کر رہی تھی۔ جمعہ کو شعبان اور اس کے بھائی محمد عظیم نے مبینہ طور پر کرائے کے مکان میں گھس کر صوبیہ اور اس کی ایک بیٹی پر پٹرول چھڑک کر انہیں آگ لگا دی۔ ملزمان نے فرار ہونے سے قبل گھریلو سامان کو بھی مبینہ طور پر نذر آتش کیا۔ پڑوسیوں نے ریسکیو 1122 کو اطلاع دی جس نے زخمیوں کو ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال پہنچایا، فرید ٹاؤن پولیس نے محمد بلال کی شکایت پر شعبان بھٹی اور محمد عظیم کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ 336، 324 اور 109 کے تحت مقدمہ درج کر لیا، رپورٹ درج ہونے تک پولیس ملزمان کو گرفتار نہیں کر سکی تھی۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

کیمیائی مادہ انسانی جسم کیلئے انتہائی مہلک ہے، کیمیائی مادہ انسانی جسم کو شدید نوعیت کے زخم پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج نے 30 مئی کو بھی جنوبی لبنان میں سفید فاسفورس کا استعمال کیا، تاریخی قلعہ بوفورٹ پر قبضے کیلئے بھی اسی زہریلے کیمیکل کا استعمال کیا گیا۔ نیویارک ٹائمز نے ماہرین اور ویڈیوز کی مدد سے بھی منطبیہ پر زہریلے کیمیکل کے حملے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ تقریباً 40 ہزار آبادی والے شہر پر زہریلے کیمیائی مادے کا چھڑکاؤ دیکھا گیا۔ امریکی اخبار کے مطابق لبنانی شہر صور، القلیعہ، خیام اور سحمر میں بھی سفید فاسفورس استعمال ہوا، انتہائی زہریلا سفید فاسفورس فضا میں گھلتے ہی شدید دھماکے اور آگ کا باعث بنتا ہے، دورانِ جنگ کیمیکل کا استعمال آگ لگانے اور دھواں پیدا کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ خیال رہے کہ جنیوا کنونشن کے تحت گنجان آباد اور شہری علاقوں میں سفید فاسفورس کے استعمال پر پابندی ہے۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

پے مقامی وسائل سے فراہم ہوں گے۔ صحت وغذائیت کیلیے 3.24 ارب روپے، ترقیاتی بجٹ میں سوشل سیکٹر کے 2.187 ارب روپے میں سے 2.2 فیصد شعبہ صحت کیلیے مختص، امراض قلب سے بچاؤ اور تحقیق کیلیے 5.1 ارب روپے، آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی توسیع کیلیے 1 ارب روپے، اسلام آباد میں میڈیکل سٹی کیلیے زمین حاصل کرنے کیلیے علامتی فنڈز مختص ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ بجٹ میں تعلیم، ہائر ایجوکیشن کمیشن کیلیے 5.78 ارب روپے، مستحق طلبہ کو تعلیمی وظائف کیلیے 3 ارب، پرائم منسٹر یوتھ اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام میں 29.3 ارب روپے، مقبوضہ کشمیر کے طلبہ کو سکالرشپ کیلیے 150 کروڑ، دانش اسکولز نیٹ ورک کا دائرہ پسماندہ علاقوں تک پھیلانے کیلیے اربوں مختص کرنے کی تجویز ہے۔ ان میں بلوچستان کے اضلاع موسیٰ خیل، ژوب، قلعہ سیف اللہ، ڈیرہ بگٹی، آزاد کشمیر میں باغ، بھمبر، شارہ اور حویلی کہوٹہ، گلگت بلتستان میں سلطان آباد، شگر، استور، سکردو، سندھ میں ٹنڈو محمد خان اور ضلع چترال میں دانش سکولز کا قیام شامل ہے۔ ضم اضلاع کیلیے 1.66 ارب روپے، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے ترقیاتی منصوبوں کیلیے 4.79 ارب روپے کی خصوصی گرانٹ کی تجاویز بھی دی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

اندرون روڈ وائٹ ہاؤس اسکول بھگور یہ گوٹھ بلاک 8 کے قریب پولیس اور اسٹریٹ کرمنلز کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس کے مطابق مقابلے کے نتیجے میں دو ملزمان شعیب عرف کاشی ولد محمد اسلم اور محمد علی عرف علی ولد منیر احمد زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ ملزمان کے قبضے سے دو عدد 30 بور پستول اور سات زندہ راؤنڈ برآمد ہوئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان مشتبہ حالت میں موجود تھے اور پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی، تاہم جوابی کارروائی میں زخمی ہو کر گرفتار ہو گئے۔ دونوں ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ ان کے مجرمانہ ریکارڈ اور دیگر وارداتوں میں ملوث ہونے کے حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔ ادھر ضلع شرقی کے علاقے خالد بن ولید روڈ پر وفاقی سول حساس ادارے اور فیروز آباد پولیس کی مشترکہ کارروائی کے دوران ملزمان سے مقابلہ ہوا جس میں دو زخمی سمیت تین ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ پولیس کے مطابق گرفتار افراد کا تعلق بین الصوبائی ڈکیت گروہ سے ہے جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز اور نقد رقم بھی برآمد کی گئی ہے۔ ادھر تھانہ سرسید کے حدود انڈا موڑ سیکٹر 10 یونس مسجد کے قریب پولیس مقابلے کے دوران دو ملزمان محمد ندیم ولد محمد بخش اور نظام الدین ولد رب نواز زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے دو عدد 30 بور ٹی ٹی پستول، پانچ زندہ راؤنڈ، تین موبائل فون، نقد رقم، بٹوہ اور ایک موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کے سابقہ مجرمانہ ریکارڈ اور دیگر وارداتوں میں ملوث ہونے کے حوالے سے تفتیش جاری ہے۔ دریں اثنا تھانہ ایف بی انڈسٹریل ایریا کی حدود سہراب گوٹھ بس اسٹاپ کے قریب پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ اس کا ساتھی فرار ہو گیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت سفیان ولد اشرف کے نام سے ہوئی۔ پولیس کے مطابق ملزمان ایک شہری تنویر، اس کی اہلیہ اور چار سالہ بچی سے اسلحے کے زور پر موبائل فون، پرس اور نقد رقم لوٹ کر فرار ہو رہے تھے کہ گشت پر مامور پولیس موبائل نے تعاقب کیا۔ فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ دوسرا فرار ہو گیا۔ برآمد شدہ سامان متاثرہ خاندان سے لوٹا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

جمان ریسکیو 1122 کے مطابق سینٹرل کمانڈ اینڈ کنٹرول کو واقعے کی اطلاع موصول ہوتے ہی فائر اینڈ ریسکیو ٹیم کو فائر بریگیڈ ٹرک اور ایمبولینس کے ہمراہ فوری طور پر جائے وقوعہ پر روانہ کر دیا گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر آگ بجھانے کا عمل شروع کیا اور پیشہ ورانہ انداز میں کارروائی کرتے ہوئے آگ کو مزید پھیلنے سے روک دیا۔ ترجمان کے مطابق کچھ دیر کی جدوجہد کے بعد آگ پر مکمل طور پر قابو پا لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق متاثرہ گھر کے مکینوں نے بتایا کہ انکی کسی شخص سے دشمنی ہے ممکنہ طور پر آتشزدگی کا واقعہ اس ہی سلسلے کی کڑی معلوم ہوتا ہے۔ تاہم آتشزدگی کے دوران کسی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ گھر کے بیرونی حصے میں موجود مختلف نوعیت کا سامان جل کر خاکستر ہو گیا۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

کو تقویت دینے کے مترادف ہوگا۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ جموں کے مہاجرین بھی اتنے ہی کشمیری ہیں جتنے وادی کشمیر کے لوگ ہیں۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

گرام کا انتخاب کیا، جو سرکاری حج اسکیم کے مجموعی حاجیوں کا 2.65 فی صد بنتا ہے۔ لانگ حج پروگرام کے تحت فی حاجی تقریباً 11 لاکھ 50 ہزار روپے ادا کیے گئے جب کہ اس پروگرام کے مجموعی اخراجات تقریباً 89 ارب 40 کروڑ روپے رہے۔ دوسری جانب 41 ہزار 467 حاجیوں نے 20 سے 22 روزہ شارٹ حج پروگرام کے تحت حج ادا کیا، جو مجموعی سرکاری حج کوٹے کا 8.34 فی صد ہے۔ شارٹ حج پروگرام کے ہر حاجی نے تقریباً 12 لاکھ روپے ادا کیے جب کہ اس مد میں مجموعی اخراجات تقریباً 49 ارب 76 کروڑ روپے رہے۔ سرکاری حج اسکیم کے تحت فریضۂ حج ادا کرنے والوں میں 50 ہزار 114 خواتین شامل تھیں، جو مجموعی حاجیوں کا 5.43 فی صد بنتی ہیں۔ مرد حاجیوں کی تعداد 65 ہزار 182 رہی جو کل حاجیوں کا 5.56 فیصد ہے۔ ادائیگیوں کے طریقہ کار کے مطابق لانگ حج پروگرام کے حاجیوں نے پہلی قسط میں 5 لاکھ روپے اور دوسری قسط میں 6 لاکھ 50 ہزار روپے جمع کرائے۔ شارٹ حج پروگرام کے حاجیوں نے پہلی قسط میں 5 لاکھ 50 ہزار روپے جب کہ دوسری قسط میں 6 لاکھ 50 ہزار روپے ادا کیے۔ حجاج کو اضافی رہائشی سہولیات کے اختیارات بھی فراہم کیے گئے۔ دو بیڈ والے الگ کمرے کا انتخاب کرنے والوں نے فی کس 2 لاکھ روپے اضافی ادا کیے جب کہ تین بیڈ والے الگ کمرے کے انتخاب پر فی حاجی 67 ہزار روپے اضافی وصول کیے گئے۔ واضح رہے کہ مذکورہ 139 ارب 16 کروڑ روپے کے اخراجات میں پرائیویٹ حج اسکیم شامل نہیں۔ پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت تقریباً 60 ہزار پاکستانیوں نے حج ادا کیا اور مختلف پیکجز کی مالیت 12 لاکھ روپے سے 40 لاکھ روپے تک رہے۔

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

کا ہدف رواں مالی سال کے مقابلے میں 292 ارب روپے زیادہ ہوگا، جب کہ رواں مالی سال کی متوقع کلیکشن سے یہ ہدف 157 ارب روپے زائد ہو سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے لیے پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کا 1468 ارب روپے کا ہدف بہ آسانی حاصل ہونے کا امکان ہے۔ جولائی تا مئی کے 11 ماہ کے دوران 1430 ارب روپے کی لیوی وصول کی جا چکی ہے، جب کہ جون 2026 میں مزید 140 ارب روپے جمع ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ رواں مالی سال کے اختتام تک پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی مقررہ ہدف سے 100 ارب روپے زیادہ وصول ہونے کا امکان ہے، جس کے نتیجے میں مجموعی وصولی 1468 ارب روپے کے بجائے 1570 ارب روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق امریکا ایران جنگ کے دوران گزشتہ تین ماہ میں عوام سے 373 ارب روپے سے زائد پٹرولیم لیوی وصول کی گئی۔ رواں مالی سال جولائی تا مئی گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں تقریباً 600 ارب روپے زیادہ پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی جمع ہوئی۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی میں 157 ارب روپے پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی وصول کی گئی۔ اگست میں 103 ارب 46 کروڑ روپے اور ستمبر میں 112 ارب 85 کروڑ روپے جمع ہوئے۔ اکتوبر کے دوران 143 ارب 48 کروڑ روپے اور نومبر میں 148 ارب 36 کروڑ روپے کی پٹرولیم لیوی وصول کی گئی۔ دسمبر میں 162 ارب 46 کروڑ روپے جب کہ جنوری میں 108 ارب 76 کروڑ روپے جمع ہوئے۔ ذرائع کے مطابق امریکا ایران جنگ کے دوران فروری میں 120 ارب 39 کروڑ روپے پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی جمع ہوئی، جب کہ مارچ میں اس مد میں 139 ارب 48 کروڑ روپے اکٹھے کیے گئے۔ اپریل کے دوران 146 ارب روپے پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی وصول کی گئی، جب کہ گزشتہ ماہ مئی میں پی ڈی ایل کی مد میں ساڑھے 87 ارب روپے جمع کیے گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ جولائی سے مئی تک درآمدی پٹرول اور ڈیزل پر 686 ارب 52 کروڑ روپے سے زائد پٹرولیم لیوی وصول کی گئی، جب کہ اسی عرصے کے دوران کروڈ آئل کو ریفائن کرنے سے حاصل ہونے والے پٹرول اور ڈیزل پر 753 ارب 54 کروڑ روپے سے زائد پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اکٹھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

(بقیہ نمبر) زراٹھور نے کہا کہ مخصوص سیاسی جتھے اور ٹرولز اس وقت آزاد کشمیر میں افراتفری پھیلانے پر تلے ہوئے ہیں، ایکشن کمیٹی کے لیڈروں کے بیانات ریکارڈ پر ہیں کہ وہ ریاست پر دھاوا بولنے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاست پرامن احتجاج کا حق تو دیتی ہے لیکن بلیک میلنگ یا یرغمال بنانے کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی۔ دریں اثنا، فیصل ممتاز راٹھور کی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات ہوئی، ذرائع نے بتایا کہ فیصل ممتاز نے آزاد کشمیر کی مجموعی صورت حال اور حکومتی کارکردگی پر بلاول کو بریفنگ دی۔ اس سے قبل وزیر اعظم آزاد کشمیر کی صدارت میں پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوا۔ دوسری طرف وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے 'سوال یہ ہے' میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں ایک پریشر گروپ کام کر رہا ہے، شرائط نہ ماننے کی باتیں حقائق کے منافی ہیں، 38 میں سے 32 مطالبات پر عمل درآمد کیا جا چکا ہے، 19 مطالبات ایگزیکٹیو آرڈر کے ذریعے پورے کیے گئے اور کچھ مطالبات ایسے ہیں جس میں اربوں روپے کے فنڈز درکار ہیں، اس میں وقت لگے گا۔ انھوں نے کہا حکومت نے کچھ فنڈز جاری کر دیے ہیں اور کچھ جاری کرنے ہیں، معاہدے کے مطابق 177 مقدمات ختم کر دیے گئے، متاثرین کو اتنا معاوضہ دیا گیا جتنا پولیس شہدا کو دیا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 19 ☆.....☆

س وزیر اعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور، دوسرا انچارج سیاسی امور فریال تالپور کی زیر صدارت ہوا۔ ذرائع پی پی کا کہنا ہے کہ اجلاس میں مہاجرین کی نشستوں کے معاملے پر ارکان کی اختلافی آرا سامنے آئیں، متعدد ارکان نے مطالبہ کیا کہ مہاجرین کی نشستوں پر پارٹی واضح مؤقف اختیار کرے، رائے دی گئی کہ مہاجرین کی نشستوں کے خاتمے یا تعداد میں کمی کی حمایت پر غور کیا جائے۔ ارکان کی رائے تھی کہ واضح پالیسی نہ اپنائی تو آئندہ انتخابات میں ن لیگ کو سیاسی فائدہ مل سکتا ہے، مہاجرین نشستوں کو برقرار رکھنے سے پیپلز پارٹی کو سیاسی فائدہ حاصل نہیں ہوگا، بعض ارکان کی تجویز تھی کہ مہاجرین کی نشستوں کو 12 سے کم کر کے 6 کرنے کے مؤقف پر غور کیا جائے۔ ارکان کا کہنا تھا کہ مہاجرین کی نشستوں کے خاتمے کے مؤقف کی حمایت کر کے عمومی حمایت حاصل کی جائے، پیپلز پارٹی رہنما نے کہا آل پارٹیز کانفرنس میں پیپلز پارٹی کو اپنا مؤقف پہلے ہی واضح کرنا چاہیے تھا۔ واضح رہے کہ ہاجرین کی نشستوں کے معاملے پر حمایت یا مخالفت کا حتمی فیصلہ بلاول سے مشاورت سے مشروط ہے، فریال تالپور نے کہا کہ حتمی پالیسی چیئرمین بلاول بھٹو سے ملاقات کے بعد طے کی جائے گی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے آج پی پی آزاد کشمیر کا اہم اجلاس طلب کیا ہے۔ حکومت اور پیپلز پارٹی وفود کی ملاقات دوسری طرف ذرائع پی پی کا کہنا ہے کہ حکومت اور پیپلز پارٹی وفود کی ملاقات آج شام ایوان صدر میں ہوگی، صدر مملکت آصف زرداری اور بلاول بھٹو ملاقات میں شریک ہوں گے، پی پی وفد راجہ پرویز اشرف، نوید قمر، شیری رحمان پر مشتمل ہوگا، وزیر اعظم شہباز شریف کی ملاقات میں شرکت کا بھی امکان ہے۔ پیپلز پارٹی ذرائع کے مطابق نائب وزیر اعظم، وزیر خزانہ، احسن اقبال ملاقات میں شرکت کریں گے، پیپلز پارٹی حکومتی وفد کو بجٹ سے متعلق تحفظات سے آگاہ کرے گی، پی پی حکومت سے بجٹ سے متعلق معاہدے پر عمل درآمد کا مطالبہ کرے گی، ملاقات کے دوران وفاقی بجٹ اور ترقیاتی منصوبوں پر بھی بات ہوگی۔

بقیہ نمبر 20 ☆.....☆

سپیشلسٹ نے معائنہ مکمل کر لیا ہے، چہرے، پیٹ اور دائیں ہاتھ پر جلنے کے زخم موجود ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ ڈاکٹر ماہ نور کو اسپیشل کیئر یونٹ منتقل کر دیا گیا ہے، اور 24 گھنٹوں بعد دوبارہ طبی معائنہ کیا جائے گا، ذرائع نے بھی بتایا کہ مریضہ کی حالت تسلی بخش ہے، اور ان کی طبیعت میں بہتری آئی ہے، جلد صحت یابی کے لیے پُر امید ہیں۔ اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ متاثرہ ڈاکٹر ماہ نور کی حالت اب خطرے سے باہر ہے، ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم نے ان کا تفصیلی معائنہ کیا ہے، اور ان کے تمام اہم اعضا محفوظ اور حالت مستحکم قرار دی گئی، ماہرین نے بتایا کہ دونوں آنکھوں کے کارنیا معمولی متاثر ہوئے ہیں، لیکن بینائی مکمل طور پر محفوظ ہے۔ اسپتال کے مطابق ماہر امراضِ چشم کی نگرانی میں لیڈی ڈاکٹر کا علاج جاری رہے گا، پلاسٹک سرجری سمیت دیگر ماہرین کی ٹیمیں طبی عملے سے مسلسل رابطے میں ہیں، جب کہ حکومت بلوچستان متاثرہ ڈاکٹر ماہ نور کے لاج کی خود نگرانی کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 21 ☆.....☆

ان ہاؤس تیار کیا گیا ہے، جب کہ شہری اسے پ

او آئی سی میں سائنس وٹیکنالوجی تعاون کے فروغ میں سعودی عرب نمایاں ہے، آفتاب کھوکھر

اسلامی ممالک میں مصنوعی ذہانت اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون تیزی سے بڑھ رہا ہے، آفتاب کھوکھر

جدہ (محمد اکرم اسد) اسلامی تعاون تنظیم او آئی سی کے اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل برائے سائنس و ٹیکنالوجی ایمبیسڈر آفتاب احمد کھوکھر نے کہا ہے اسلامی ممالک میں ٹیکنالوجی میں سب سے زیادہ ترقی سعودی عرب نے کی ہے اور اس کی مزید ترقی کیلئے او آئی سی ممالک سے تعاون بھی کر رہا ہے۔ سعودی عرب کی ٹیکنالوجی ترقی سے سعودی عوام اور یہاں دنیا بھر سے آئے ہوئے تارکین وطن بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں جسکی وجہ سے انکے وقت کی بچت ہوتی یہ انہوں نے پاکستان جرنلسٹس فورم سے ایک ملاقات میں بتائی یاد رہے کہ وہ جدہ میں قونصل جنرل بھی اپنی خدمات ادا کر چکے ہیں پاکستان جرنلسٹس فورم کے اراکین نے آفتاب احمد کھوکر سے تفصیلی اور خوشگوار ملاقات کی ملاقات میں انکی جدہ میں تعیناتی کے دوران صحافیوں کے ہمراہ یادگار تعلقات کا ذکر ہوا فورم کے اراکین نے انہیں بتایا کہ جدہ میں انکی خدمات کشمیر کمیونٹی اور بے شمار پاکستانیوں کو روزگار دلانے کی کوششیں آج بھی پاکستانی کمیونٹی احترام کے ساتھ یاد کرتی ہے واضح رہے کہ سفیر آفتاب کھوکھر او آئی سی میں تعیناتی سے قبل وزارت خارجہ پاکستان میں اہم عہدوں بشمول ازبکستان جنیوا لبنان آسٹریا سفیر اور ویانا میں مستقل نمائندہ برائے اقوام متحدہ اور غیر مقیم سفیر برائے سلوا کیہ رہے جدہ میں بہ حیثیت قونصل جنرل تعیناتی کے دوران انہوں نے سعودی عرب میں پاکستانی کمیونٹی اور حجاج کرام سے متعلق امور کی نگرانی کی وہ ویانا میں گروپ آف 77 (G-77) کے چیئرمین بھی رہے پاکستان کو او آئی سی میں انکی خدمات پر فخر ہے وہ اسوقت اسلامی ممالک کے درمیان سائنس تحقیق ٹیکنالوجی مصنوعی ذہانت صحت خوراک اور آبی تحفظ کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے ذمہ دار ہیں ملاقات میں انہوں نے بتایا کہ او آئی سی کے سائنس اور ٹیکنالوجی کا شعبہ سرگرمی سے کام کر رہا ہے اور ممبر ممالک کے درمیان سائنس اور ٹیکنالوجی میں بڑھ رہا ہے اس شعبہ کا مقصد تحقیقی اداروں جامعات اور سائنسی تنظیموں کے درمیان روابط مضبوط کرنا ہے نیز صحت خوراک پانی ماحولیات مصنوعی ذہانت (AI) اور سائبر سکیورٹی جیسے شعبوں میں مشترکہ منصوبوں کی نگرانی کرنا ہے آفتاب احمد کھوکھر نے بتایا کہ یہ بات قابل فخر ہے کہ اسوقت اس شعبے میں پاکستان کا عظیم دوست سعودی عرب سب سے زیادہ توجہ دے رہا ہے اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں بہت تیزی اسے کام کر رہا ہے یہاں برسر روزگار بھی اس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں او آئی سی کا یہ شعبہ اسلامی ممالک کے درمیان ویکسین کی مقامی پیداوار اور صحت کے شعبے میں فروغ اور خود انحصاری کے فروغ کیلئے کام کر رہا ہے بھی رہے پاکستان کو او آئی سی میں انکی خدمات پر فخر ہے وہ اسوقت اسلامی ممالک کے درمیان سائنس تحقیق ٹیکنالوجی مصنوعی ذہانت صحت خوراک اور آبی تحفظ کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے ذمہ دار ہیں ملاقات میں انہوں نے بتایا کہ او آئی سی کے سائنس اور ٹیکنالوجی کا شعبہ سرگرمی سے کام کر رہا ہے اور ممبر ممالک کے درمیان سائنس اور ٹیکنالوجی میں بڑھ رہا ہے اس شعبہ کا مقصد تحقیقی اداروں جامعات اور سائنسی تنظیموں کے درمیان روابط مضبوط کرنا ہے نیز صحت خوراک پانی ماحولیات مصنوعی ذہانت (AI) اور سائبر سکیورٹی جیسے شعبوں میں مشترکہ منصوبوں کی نگرانی کرنا ہے آفتاب احمد کھوکھر نے بتایا کہ یہ بات قابل فخر ہے کہ اسوقت اس شعبے میں پاکستان کا عظیم دوست سعودی عرب سب سے زیادہ توجہ دے رہا ہے اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں بہت تیزی اسے کام کر رہا ہے یہاں برسر روزگار بھی اس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں او آئی سی کا یہ شعبہ اسلامی ممالک کے درمیان ویکسین کی مقامی پیداوار اور صحت کے شعبے میں فروغ اور خود انحصاری کے فروغ کیلئے کام کر رہا ہے

سفیر آفتاب احمد کھوکھر کی قیادت میں قازقستان میں اسلامی تنظیم برائے غذائی تحفظ (IOFS) کے ساتھ ملاقاتوں میں انہوں نے خوراک کے تحفظ جدید زرعی ٹیکنالوجی اور پانی کے پائیدار انتظام کے منصوبوں کو فروغ دیا جا رہا ہے اسلامی ممالک کی تنظیم AI پر تیزی سے کام کر رہی ہے جس میں سعودی عرب اور دیگر اسلامی ممالک بھی سنجیدگی سے تعاون اور کام کر رہے ہیں ملائیشیا میں OIC-CERT کے ساتھ تعاون کے ذریعے سائبر سکیورٹی مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل تحفظ کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی کوشش جاری ہے پاکستان جرنلسٹس فورم نے سفیر آفتاب احمد کھوکھر کو مبارکباد دی اراکین نے کہا کہ ہمیں فخر ہے ایک فرزند پاکستان اسلامی ممالک کی تنظیم میں ایک اہم اور فعال کردار کر رہا ہے اور وہ سائنس صحت خوراک ماحولیات مصنوعی ذہانت اور سائبر سکیورٹی کے شعبوں میں OIC ممالک کے درمیان تعاون بڑھانے کی کوششوں کی قیادت کر رہے ہیں۔ پی جے ایف کے وفد میں امیر محمد خان معروف حسین جمیل راٹھور شاہد نعیم اکرم اسد خالد خورشید خالد چیمہ اور ریان تیال شامل تھے ملاقات کا اختتام ایک شاندار اور پرتکلف عشائیہ پر ہوا

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سانگلاہل موٹر سائیکل سٹینڈ پر

زائد پرچی فیس وصول کرنے کا انکشاف

۔سانگلاہل (تحصیل رپورٹر) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سانگلاہل موٹر سائیکل سٹینڈ پر زائد پرچی فیس وصول کرنے کا انکشاف، زائد فیس وصولی کی متعدد شکایات، شہریوں نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ جب دس روپے پرچی کا کہا تو موقع پر موجود بندے نے کہا کہ جو کر سکتے ہو کر لو ہم ٹھیکہ دیتے ہیں بیس روپے سے کم نہیں ہوگا ایک اور شہری نے بتایا کہ ہم مجبوری کی حالت میں ہسپتال آتے ہیں جلدی میں پیسے کم ہوتے ہیں لیکن یہ لوگ ہمیں مجبور کر دیتے ہیں ہم اہلیان سانگلاہل ڈپٹی کمشنر ننکانہ تسلیم اختر راؤ اور اسسٹنٹ کمشنر سانگلاہل سے مطالبہ کرتے ہیں اس ناانصافی کو ختم کیا جائے مریضوں کی مجبوریوں کا فائدہ نہ اٹھایا جائے ۔ پرچی فیس دس روپے زائد وصولی کو روکا جائے

ڈسکہ وگردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو،

شہر میں گندم اور آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ،

ڈسکہ (عشرت انصاری) ڈسکہ وگردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو، شہر میں گندم اور آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، غریب طبقے کے لیے مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق گندم کی قیمت 4 ہزار روپے فی من تک پہنچ چکی ہے، جبکہ سرکاری طور پر گندم کی قیمت 3500 روپے فی من مقرر ہے۔ گندم کی بڑھتی قیمتوں کے اثرات آٹے کی قیمتوں پر بھی نمایاں طور پر پڑ رہے ہیں۔ چکیوں پر آٹا 160 روپے فی کلوگرام تک فروخت کیا جا رہا ہے، جبکہ فلور ملوں کا 10 کلوگرام آٹے کا تھیلا 1100 روپے اور 20 کلوگرام کا تھیلا 2200 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ جبکہ اس حوالے سے شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں آٹے جیسی بنیادی ضرورت کی بڑھتی قیمتوں نے گھریلو بجٹ کو شدید متاثر کیا، حکومت سے مطالبہ کیا کہ آٹے اور گندم کی قیمتوں میں کمی کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔ دوسری جانب آٹا ڈیلرز کا موقف ہے کہ گندم کی قیمتوں میں اضافے اور دیگر پیداواری اخراجات بڑھنے کے باعث آٹے کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنا مشکل ہو گیا ہے۔ جبکہ عوامی حلقے اب حکومت کی جانب سے ممکنہ ریلیف اقدامات کے منتظر ہیں۔

راشد اعوان کی دعوت ولیمہ کی تقریب سیاسی اجتماع میں تبدیل

قومی اسمبلی کے ممبر ارشد ساہی طارق باجوہ میاں اعجاز بھٹی ملک اعظم طارق سعید گھمن سمیت متعدد شخصیات کی شرکت

راشد اعوان کی دعوت ولیمہ کی تقریب سیاسی اجتماع میں تبدیل ہوگئی قومی اسمبلی کے ممبر ارشد ساہی طارق باجوہ میاں اعجاز بھٹی ملک اعظم طارق سعید گھمن سمیت متعدد شخصیات نے شرکت کی سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) تحریک انصاف کے رہنما راشد اعوان کی دعوت ولیمہ کی تقریب سیاسی اجتماع میں تبدیل ہوگئی تقریب میں قومی اسمبلی کے ممبر چوہدری محمد ارشد ساہی سابق ایم پی اے چوہدری طارق محمود باجوہ سابق ایم پی اے میاں اعجاز حسین بھٹی سابق چیئرمین پنجاب بیت المال ملک محمد اعظم پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سابق ٹکٹ ہولڈر حلقہ پی پی 132 چوہدری طارق سعید گھمن عدنان اشرف رامے ایڈووکیٹ الحاج محمد یونس قصاب آف امریکہ حاجی ارشد نزیر اصف علی آسی چوہدری شہباز باجوہ میاں کلیم جہانگیر نمبردار سر انتظار علی کندل حاجی ریاض احمد قادری باقر اعوان شاہ نواز ملہی جعفر اعوان میاں مدثر ابرار علوی بابر علوی رانا عبدالمجید مدثر عزیز عرفان الحسن بھٹی میڈیا نمائندگان شبیر حسین ناز زاہد انصاری مرزا شہباز شیر افگن چدھڑ محمد ریاض ادریس پوار سمیت سول سوسائٹیز سے منسلک لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی مہمانوں کی آمد پر دولہا راشد اعوان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا تقریب کے شرکاء نے راشد اعوان کو شادی کے بندھن میں بندھنے پر مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا

اسلام آباد پولیس کا گرجا گھروں کی سکیورٹی مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

ایس ایس پی آپریشنز کا مختلف گرجا گھروں کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کا جائزہ

اسلام آباد (پی پی اے) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا فیلڈ میں متحرک ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے سکیورٹی کے فرائض پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں موجود گرجا گھروں کی فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات کئے ہیں اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے فیلڈ میں متحرک رہتے ہوئے ضلع بھر کے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا اس موقع پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی ان کے فرائض کی انجام دہی کا جائزہ لیا اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں انہوں نے گرجا گھروں کے داخلی و خارجی راستوں پارکنگ ایریاز اور اردگرد کے علاقوں میں تعینات نفری سمیت مجموعی سکیورٹی پلان کا معائنہ کیا ایس ایس پی آپریشنز نے گرجا گھروں کی انتظامیہ سے ملاقات کے دوران کہا کہ اسلام آباد پولیس بلاتفریق تمام مذاہب کے ماننے والوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت سرگرم عمل ہے انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ پولیس اسٹیشن یا پولیس ہیلپ "لائن پکار۔" 15 پر دیں انہوں نے کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان تعاون ہی امن وامان کے قیام کی بنیاد ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس اپنے فرائض قومی جذبے فرض شناسی اور اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ انجام دے رہی ہے تاکہ وفاقی دارالحکومت میں محفوظ اور پرامن ماحول کو برقرار رکھا جا سکے، آخر میں انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانا ہے

ہفتہ وار بازاروں میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی انتظامات

اسلام آباد ٹریفک پولیس کا بازاروں میں ٹریفک نظم ونسق مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ہفتہ وار بازاروں میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لئے موثر اقدامات سینئر افسران نے بازاروں کا دورہ کیا ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا اور بازار ڈیوٹی پر مامور ٹریفک افسران کو اپنے فرائض منصبی بہتر طریقے سے سرانجام دینے کے متعلق بریفنگ دی تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک پولیس آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس نے ہفتہ وار بازاروں میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے موثر اقدامات کئے ان اقدامات کا مقصد شہریوں کو ٹریفک جام اور مشکلات سے محفوظ رکھنا اور بازاروں کے اردگرد منظم ٹریفک نظام کو برقرار رکھنا تھا، اس سلسلہ میں سینئر افسران نے بازاروں کا دورہ کیا ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا اور بازار ڈیوٹی پر مامور ٹریفک افسران کو اپنے فرائض منصبی بہتر طریقے سے سرانجام دینے کے متعلق بریفنگ دی انہوں نے افسران کو فرائض کی انجام دہی میں کوتاہی نہ برتنے کی ہدایت کی ٹریفک پولیس کی نفری کو تمام داخلی و خارجی راستوں، پارکنگ ایریاز اور حساس مقامات پر تعینات کیا گیا ہے تاکہ کسی بھی قسم کی بدنظمی یا رکاوٹ سے بچا جا سکے چیف ٹریفک پولیس آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے شہریوں سے اپیل کی ہے

انسداد دہشت گردی کا فریم ورک مزید مضبوط بنانے کا فیصلہ

آئی جی اسلام آباد کی سکیورٹی اور قانونی امور پر جامع حکمت عملی کی ہدایت

اسلام آباد (پی پی اے) انسداد دہشت گردی کا فریم ورک مزید مضبوط بنانے کا فیصلہ آئی جی اسلام آباد کا انسداد دہشت گردی اقدامات سکیورٹی صورتحال اور زیر التواء قانونی امور کا تفصیلی جائزہ مربوط حکمت عملی اپنانے کیلئے افسران کو ہدایات جاری تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایس ایس پی کاونٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد سعود خان اور اے آئی جی لیگل طاہر کاظم نے شرکت کی اس موقع پر وفاقی دارالحکومت کی مجموعی سکیورٹی صورتحال انسداد دہشت گردی کے جاری اقدامات زیر التواء قانونی امور اور پولیس فورس کی پیشہ ورانہ استعداد کار کو مزید موثر بنانے سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس کے دوران انسداد دہشت گردی کے حوالے سے جاری آپریشنز انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں سکیورٹی چیلنجز اور درپیش خطرات کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا اس موقع پر قانونی معاملات میں پیش رفت مقدمات کی موثر پیروی اور عدالتی کارروائیوں کو مزید بہتر بنانے کے مختلف پہلوؤں پر بھی غور کیا گیا آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ بدلتے ہوئے سکیورٹی حالات کے پیش نظر انسداد دہشت گردی کے فریم ورک کو مزید مضبوط اور موثر بنایا جائے انہوں نے مزید کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کے درمیان انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ ممکنہ خطرات کی بروقت نشاندہی اور موثر تدارک کو یقینی بنایا جا سکے انہوں نے مزید ہدایت کی کہ زیر التواء قانونی معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کیلئے مربوط اور جامع حکمت عملی اپنائی جائے تاکہ انصاف کی بروقت فراہمی اور مقدمات کے موثر تصفیے کو یقینی بنایا جا سکے آئی جی اسلام آباد نے اس امر پر بھی زور دیا کہ پولیس فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں مزید اضافہ جدید تربیت اور استعداد کار کی بہتری کے ذریعے عوام کو اعلیٰ معیاری پولیسنگ خدمات فراہم کی جائیں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ امن وامان کے قیام اور دہشت گردی کے ہر ممکن خطرے کے سدباب کیلئے اسلام آباد پولیس تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور مربوط اقدامات کے ذریعے وفاقی دارالحکومت کو محفوظ اور پرامن بنانے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گی

او جی ڈی سی ایل انتظامیہ نے علاقہ مکینوں کے تحفظات دور کر دیئے ہیں

بعض عناصر بلاوجہ ترقیاتی منصوبوں میں رکاوٹ پیدا کر رہے ہیں مکینوں کا موق

سانگھڑ نامہ نگار خصوصی ساگر دین محمد) سانگھڑ کے نواحی علاقے ورکشاپ، منگلی تھانے کی حدود میں ڈڈر مسجد کے قریب او جی ڈی سی ایل کے جاری ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ کے معاملے کی حقیقت جاننے کے لیے نمائندہ موقع پر پہنچا اور مقامی مکینوں کا موقف معلوم کیا۔ علاقہ مکینوں نے بتایا کہ او جی ڈی سی ایل انتظامیہ نے ان کے تحفظات دور کر دیے ہیں اور متاثرین کو معاوضہ دینے کی یقین دہانی بھی کروائی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ او جی ڈی سی ایل علاقے کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں، کیونکہ اس منصوبے کے ذریعے متعدد مقامی نوجوانوں کو روزگار ملا ہے۔ مقامی افراد اور مزدوروں نے کہا کہ بعض عناصر بلاوجہ ترقیاتی کام رکوانے کی کوشش کر رہے ہیں، جس سے علاقے کی ترقی اور روزگار کے مواقع متاثر ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے وفاقی حکومت اور حکومت سندھ سے مطالبہ کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ جاری کام بلاتعطل مکمل ہو سکیں۔

ریلوے انڈر پاس کو فنکشنل کرنے کے لئے چوہدری طارق محمود باجوہ دن رات محنت کر رہے ہیں

21 سال سے زیر التوا ریلوے انڈر پاس کا مسلہ پہلے کسی نے حل نہیں کیا چوہدری عمران بوبک

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) بلدیہ سانگلہ ہل کے سابق کونسلر کو آرڈینیٹر حلقہ پی پی 132 چوہدری عمران بوبک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 21 سال سے زیر التوا ریلوے انڈر پاس کو پہلے کسی نے فنکشنل نہیں کیا مسلسل اقتدار میں رہنے والوں نے ریلوے انڈر پاس کو نظر انداز کر دیا انہوں نے کہا کہ چوہدری طارق محمود باجوہ دن رات محنت کر کے ریلوے انڈر پاس کو فنکشنل کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ کچھ لوگوں کو عوام کی فلاح وبہبود کے کام ہضم نہیں ہو رہے چوہدری طارق محمود باجوہ سخت گرمی میں ریلوے انڈر پاس کی تعمیر نو کی خود نگرانی کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ریلوے انڈر پاس کو فنکشنل کرنے کے بعد عوام کے دیگر بنیادی مسائل حل کئے جائیں گے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ چوہدری طارق محمود باجوہ نے اپنے آپ کو عوام کی خدمت کے لیے وقف کر دیا ہے حلقہ این اے 111 کے عوام ان سے محبت کرتے ہیں اور وہ کسی کو بھی مایوس نہیں کرتے انہوں نے ہمیشہ عوام کے اجتماعی مفادات کو ترجیح دی

سنجھورو کے نواحی گاؤں کرکلی میں ہندو برادری کا احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین نے مندر ماتا رانی کی تعمیر نو کا مطالبہ کیا

سنجھورو کے نواحی گاؤں کرکلی میں ہندو برادری کا احتجاجی مظاہرہ مظاہرین نے مندر ماتا رانی کی تعمیر نو کا مطالبہ کیا سانگھڑ نامہ نگار ڈاکٹر ارشاد جٹ) سانگھڑ کے تعلقہ سنجھورو کے نواحی گاؤں کرکلی میں مندر ماتا رانی بھٹیانی کی تعمیر نو کے لیے فنڈز جاری نہ ہونے پر ہندو برادری کا احتجاجی مظاہرہ کیا گیا تفصیلات کے مطابق سانگھڑ کے تعلقہ سنجھورو کے نواحی گاؤں کرکلی میں ہندو برادری کی جانب سے مندر ماتا رانی بھٹیانی کی تعمیر نو کے لیے سندھ حکومت کی جانب سے فنڈز جاری نہ کیے جانے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، مظاہرے میں مردوں، خواتین، بزرگوں اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مطالبات کے حق میں نعرے بازی کی اس موقع پر مظاہرین بھگت لیلا رام، بالم، نولو، رائے مل ودیگر کا کہنا تھا کہ گاؤں کرکلی میں ہندو برادری کے دو سو سے زائد گھر آباد ہیں اور مندر ماتا رانی بھٹیانی ان کی مذہبی عبادات اور رسومات کا مرکزی مقام ہے۔ تاہم مندر کی عمارت چھوٹی اور خستہ حال ہونے کے باعث پوجا پاٹ، مذہبی تہواروں اور دیگر عبادتی سرگرمیوں کے انعقاد میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ہندو برادری کے رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ برسوں سے اپنے مندر کی تعمیر نو اور توسیع کے لیے منتخب نمائندوں پیپلز پارٹی کی ایم این اے شازیہ مری، پیغام امن کمیٹی کے رہنما راجیش کمار ہرداسانی اور متعلقہ حکام سے مطالبات کرتے آرہے ہیں ہر انتخابی دور میں انہیں یقین دہانیاں اور وعدے تو کیے جاتے ہیں، لیکن عملی اقدامات آج تک نہیں اٹھائے گئے، ان کا کہنا تھا کہ وہ پاکستان کے وفادار شہری ہیں اور کئی دہائیوں سے پاکستان پیپلز پارٹی کے ووٹر اور حامی رہے ہیں، لیکن اس کے باوجود ان کے بنیادی مذہبی مسائل کو حل نہیں کیا جا رہا، مظاہرین نے کہا کہ اقلیتی برادری کو آئین پاکستان کے تحت اپنے مذہبی عقائد کے مطابق عبادات اور رسومات ادا کرنے کا مکمل حق حاصل ہے، لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ ان کے جائز مطالبات پر فوری توجہ دے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ مندر ماتا رانی بھٹیانی کی تعمیر نو اور توسیع کے لیے فوری طور پر فنڈز جاری کیے جائیں تاکہ ہندو برادری کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے، احتجاجی مظاہرے کے شرکاء نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور اقلیتی نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیں اور مندر کی تعمیر نو کے لیے خصوصی فنڈز جاری کروائیں، مظاہرین نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا اور مزید سخت احتجاجی لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا، مظاہرے کے اختتام پر شرکاء نے اپنے مطالبات کے حق میں قرارداد منظور کی اور حکومت سے فوری عملی اقدامات کا مطالبہ کیا

ستھرا پنجاب پروگرام کے حوالے سے جائزہ اجلاس

اجلاس میں شہر میں جاری منصوبوں پر اور صفائی پر مکمل بریفنگ دی گئی

ڈسکہ: (عشرت انصاری) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت میونسپل کمیٹی ڈسکہ آفس میں پی ڈی پی اور ستھرا پنجاب پروگرام کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم ڈی/ایس پی اے گوجرانوالہ وسیالکوٹ عبدالرزاق ڈوگر، ڈی ایم سیالکوٹ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی محمد مجاہد، اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر، کنٹریکٹرز اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسکہ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں، صفائی ستھرائی کی صورتحال اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے ہدایت کی کہ

ملک بھر میں 12 جون تک شدید گرمی کی لہر برقرار رہنے کا امکان

محکمہ موسمیات کی ہیٹ ویو الرٹ، شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (پی پی اے) محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف حصوں میں 12 جون تک شدید گرمی کی لہر ہیٹ ویو جاری رہنے کی پیش گوئی کرتے ہوئے شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چند روز کے دوران کراچی میں درجہ حرارت 40 سے 43 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہنے کا امکان ہے جبکہ سندھ اور بلوچستان کے بعض اضلاع شدید گرمی کی لپیٹ میں رہیں گے جہاں پارہ 48 سے 51 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے پنجاب کے کئی اضلاع میں بھی شدید گرمی کی پیش گوئی کی گئی ہے اور درجہ حرارت 44 سے 48 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا سکتا ہے جبکہ خیبر پختونخوا کے میدانی علاقوں میں درجہ حرارت 41 سے 46 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہنے کا امکان ہے محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ شدید گرمی کے باعث ہیٹ اسٹروک اور پانی کی کمی کے خطرات بڑھ سکتے ہیں شہریوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک بلاضرورت گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں پانی اور مشروبات کا زیادہ استعمال کریں ہلکے رنگ کے کپڑے پہنیں اور بچوں بزرگوں و بیمار افراد کا خصوصی خیال رکھیں ماہرین کے مطابق احتیاطی تدابیر اختیار کر کے شدید گرمی کے منفی اثرات سے بڑی حد تک محفوظ رہا جا سکتا ہے

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی الیکٹرک گاڑیوں کا آپریشنل جائزہ

جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کا عزم

اسلام آباد (پی پی اے) چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک نے اسلام آباد ٹریفک پولیس کو فراہم کردہ الیکٹرک گاڑیوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور ان کی آپریشنل استعداد اور کارکردگی کا جائزہ لیا اس موقع پر انہیں گاڑیوں کی مرمت دیکھ بھال اور چارجنگ اسٹیشنز کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی گئی چیف ٹریفک آفیسر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ رش مینجمنٹ اور شہریوں کی بروقت مدد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے محمد سرفراز ورک نے کہا کہ فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور ٹریفک اہلکار شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور شائستہ رویے سے پیش آئیں انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے شہریوں کی رہنمائی اور سفری سہولیات کی بہتری کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے

مقامی رپورٹرز کے درمیان خبر نگاری کا مقابلہ

مقابلہ میں دس رپورٹرز نے حصہ لیا نتائج کا اعلان دس جون کو ہوگا

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) روزنامہ حرف اول نیوز کے زیر اہتمام مقامی رپورٹرز کے درمیان خبر نگاری کا مقابلہ نتائج کا اعلان دس جون کو ہوگا مقابلہ کے آرگنائزرز شبیر حسین ناز اور رضا چوہدری عرف منا بھائی کے مطابق مقابلے میں دس مقامی رپورٹرز قیصر رضا میاں طیب میاں کلیم جہانگیر نمبردار طارق محمود ندیم مغل ذوالفقار علی سندھو ڈاکٹر محمد افضل مغل خرم شہزاد رضوی رانا مدثر حسین اور شاہد رفیق باجوہ نے حصہ لیا اور سانگلہ ہل کے مسائل پر اپنی خبریں ارسال کیں خبر نگاری کے مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے رپورٹرز کو بیسٹ پرفارمینس ایوارڈ سے نوازا جائے گا

راشد اعوان کو شادی کے بندھن میں بندھنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں راشد اعوان

دوستوں کے دوست اور درد دل رکھنے والی شخصیت ہیں آصف علی اسی

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف سماجی شخصیت آصف علی اسی نے اپنے دوست راشد اعوان کو شادی کے بندھن میں بندھنے پر مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ راشد اعوان کی دوستی پر فخر ہے وہ دوستوں کے دوست اور درد دل رکھنے والی شخصیت ہیں اللہ تعالیٰ ان کی ازدواجی زندگی کو کامیاب و کامران کرے

محمد اشفاق بھٹی کی قیادت میں صحافیوں کیریٹائرڈ ہیڈ کانسٹیبل سلیم جٹ کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی

کی وفد میں پریس کلب کے سینئر نائب صدر صغیر احمد راجپوت محمد حسن لانڈ اور رانا ثقلین رضا شامل تھے

محمد اشفاق بھٹی کی قیادت میں صحافیوں نے ریٹائرڈ ہیڈ کانسٹیبل سلیم جٹ کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کی وفد میں پریس کلب کے سینئر نائب صدر صغیر احم